سلطان ابوالحسن کا اپنے بھائی پر غالب آ کر اسے قتل کرنا :۔ اور جب سلطان ابوالحسن نے اپنے بھائی [illegible] ۷۳۴ھ میں [illegible] تلمسان سے جنگ کرنے اور اس کا محاصرہ کرنے [illegible] اور [illegible] حملہ کر [illegible] اس [illegible] کے [illegible] جمع کرنے کے لیے [illegible] اور [illegible] فوجیں [illegible] اور [illegible] وہاں ان کے [illegible] کی [illegible] ان کا [illegible] تھا اور [illegible] کی طرف [illegible] تھا اور [illegible] سے [illegible] اپنی فوجیں [illegible] اس کے مضافات پر قبضہ کر لیا اور [illegible] فتح کر لیا اور [illegible] اور [illegible] شام [illegible] جنگ کی اور [illegible] پر قبضہ کر لیا اور وہاں پر سلطان ابو تاشفین کے [illegible] تک [illegible] گئے اور ایک [illegible] وہاں مشہور جنگ ہوئی [illegible] ان کے بہادر قتل ہو گئے اور امراء مر گئے [illegible] سلطان

ابوالحسن مرینی کے وقت ان پر حملہ کیا تھا اور ابو تاشفین [illegible] ان کے مقابلہ میں بہادری دکھائی ان کے پیچھے سے [illegible] اور اطراف کو درست کرتے ہوئے [illegible] بڑھتا جاتا تھا۔

ابو تاشفین کے موالی۔ اور ابو تاشفین [illegible] کے لئے [illegible] تو انہوں نے [illegible] اور جب وہ پہاڑ اور شہر کے درمیان پہنچے تو [illegible] آپہنچا [illegible] اس کے دونوں بیٹے ابو عبد الرحمٰن اور ابو [illegible] انہوں نے [illegible] مقابلہ [illegible] معرکہ میں مقتول ہوئے [illegible] حکومت [illegible] اور سلطان ابوالحسن نے [illegible] ابو تاشفین نے اپنے اصحاب کی ایک جماعت کے ساتھ [illegible] اس کے دونوں بیٹے عثمان اور مسعود [illegible] بیان ہوں گے۔

ابوزیان اور ابو ثابت کا [illegible] اور [illegible] ان کے ساتھ ان کے بھائی [illegible] سلطان ابوالحسن [illegible] ابو سعید عبد الرحمٰن اور ابو ثابت [illegible] سلطان ابو عنان [illegible]

اس کے بعد وہ نکلے اور ان سے انہیں بلاد مغرب میں وہی حصہ معلوم ہو گیا [illegible] تلمسان کے مضافات میں ان کے وارث ملے [illegible] کے لئے آل یغمراسن کی حکومت کا خاتمہ ہو گیا یہاں تک کہ ان میں سے [illegible] نے اسے دوبارہ قائم کیا [illegible] ان میں سے سلطان ابو حمو بن [illegible] نے وقت [illegible] تھے جیسا کہ ہم بیان کریں گے [illegible] اور [illegible] ۔ واللہ [illegible] ۔

فصل

اس کی حکومت کے رجال' موسیٰ بن علی' یحییٰ بن موسیٰ اور اس کے غلام ہلال کے حالات اور ان کی اوّلیت اور ان کے امور کا انجام اور ان کی شہرت کی وجہ سے ان کے ذکر کا اختصاص

حاجب موسیٰ بن علی: جہاں تک اس کا اصل قبیلہ [illegible] ہے جو مشرق کے [illegible] ہے اور ہم نے [illegible] بیان کیا ہے کہ [illegible] قوموں کے درمیان ان کے نسب کے بارے میں اختلاف پایا جاتا ہے اور مسعودی نے ان میں سے کئی اصناف کا ذکر کیا ہے اور اپنی کتاب میں ان کا نام [illegible] وغیرہ لکھا ہے اور ان کے مواطن [illegible] میں ہیں اور [illegible] کی رائے کے مطابق ان میں [illegible] ہیں اور حضرت [illegible] سے روایت کرنے کی [illegible] ہیں۔

اور ان [illegible] عراق و عجم کی [illegible] رہتے ہیں اور ان کے عام [illegible] خیموں میں رہتے ہیں اور اپنے مویشیوں کے ساتھ [illegible] مقامات پر چراگاہیں تلاش کرتے ہیں اور [illegible] کے لئے ان کے پیچھے جاتے ہیں اور ان کی بڑی [illegible] ہیں [illegible] نے [illegible] پر قبضہ کیا [illegible] اور ان [illegible] کی کثرت کے باعث بڑی قوت و شوکت اور [illegible] حاصل تھی۔

تتاریوں کا بغداد پر قبضہ: اور جب [illegible] کی حکومت کا خاتمہ ہو گیا اور [illegible] تاتاری بغداد پر قابض ہو گئے اور بہت سے [illegible] ہونے کی وجہ سے تاتاریوں کے آگے بھاگتے ہوئے [illegible] کو عبور کر گئے اور [illegible] کی حکومت میں چلے گئے [illegible] شرف [illegible] وہ مقام حاصل تھا اس کی وجہ سے انہوں نے اس کی حکومت کے [illegible]

پسند کیا اور ان میں سے دو خاندان جو بنی لوکن اور بنی بابیرا کے نام سے معروف ہیں اپنے اتباع کے ساتھ مغرب کی طرف چلے گئے اور موحدین کی حکومت کے آخر میں مغرب میں داخل ہو گئے اور مراکش میں مرتضیٰ کے پاس اترے تو اس نے انہیں خوش آمدید کہا اور انہیں وظائف اور جاگیریں دیں اور انہیں حکومت میں اعلیٰ مقام دیا۔

اور جب ان کے پیچھے سے موحدین کی حکومت کمزور ہو گئی تو وہ بنی مرین کی حکومت کی طرف چلے گئے اور ان میں سے بعض یغمراسن بن زیان کے پاس چلے گئے اور ان دونوں کا مستقر افریقہ میں بنی بابیر کے ایک گھرانے میں چلا آیا جنہیں میں نہیں جانتا۔

محمد بن عبدالعزیز: اور ان میں سے ایک شخص محمد بن عبدالعزیز بھی تھا جو المزوار کے نام سے مشہور تھا اور سلطان ابو یحییٰ کا ساتھی تھا اور ان میں سے کچھ لوگ بھی تھے اور ان میں سے جو لوگ بنی مرین کی حکومت میں رہتے تھے ان میں سب سے زیادہ مشہور تھا محمد بنی بابیر میں سے علی بن حسن بن صاف اور اس کا بھائی سلمان بھی تھا اور بنی مرین میں سے جعفر بھی محمد بھی تھا اور جس طرح ان کے پہلے باپ دادا میں ان کے درمیان جنگ ہوئی تھی اسی طرح یہاں بھی تھی پس جب یہ جنگ کے لئے تیار ہو جاتے تو ان کے مددگار بھی تلمسان سے ان کے پاس آ جاتے اور ان کی جنگ تیموں کے ساتھ ہوتی اور کبھی ان کا جتھا رکھتیں اور ان کی سب سے مشہور جنگ وہ ہے جو فاس کی گلیوں میں ہوئی جس کے لئے بنو ونزمار کے سردار عمر اور بنی بابیر کے سردار ابن سلمان اور علی نے تیاری کی تھی اور انہوں نے باب الفتوح کے باہر باہم جنگ کی اور یعقوب بن عبدالحق نے ان سے حیا کرتے ہوئے انہیں جنگ کی حالت میں چھوڑ دیا اور انہیں تعریض نہ کی۔

سلمان کی وفات: اور اس کے بعد یہ تلمسان کی سرحد پر پڑاؤ کئے ہوئے تھے ان میں سے سلمان فوت ہو گیا اور علی بن حسن کا ایک بیٹا موسیٰ تھا جسے سلطان یوسف بن یعقوب نے پسند کر لیا تھا اور اس نے اپنے گھر کا پروردہ بھی بنا لیا تھا اور اس نے اس کی بیویوں کے درمیان پرورش پائی تھی پس اس کی خوب شہرت ہو گئی جس کے باعث وہ کسی بات پر ناراض ہو جاتا تھے وہ پسند کرتے تھے پس وہ ناراض ہو کر چلا گیا اور جن دنوں یوسف بن یعقوب نے تلمسان کا محاصرہ کیا ہوا تھا وہ تلمسان میں داخل ہو گیا جس عثمان بن یغمراسن نے اس کے مقام کے مطابق اس سے وہ مقام ملا جو اسے اپنی قوم میں حاصل تھا اور سلطان نے اصحاب کے موافق اس کی پذیرائی کی اور یوسف بن یعقوب نے اس کو واپس لانے کا حکم دیا پس وہ اسے جنگ کے محاذ میں لایا اور اس سے گفتگو کی تو اس نے اس عزت کی وجہ سے جو اسے قوم میں حاصل تھی اس کے پاس عذر کیا تو اس نے اسے ان سے وفاداری کرنے کی ترغیب دی تو اس نے واپس آ کر سلطان کو خبر دی تو اس نے بڑے زمانہ اور وہ تلمسان میں ہی قیام پذیر رہا اور اس کا بیٹا علی مغرب میں عورتوں کے ہاں فوت ہو گیا اور جب عثمان بن یغمراسن اور زیان فوت ہو گئے تو اس کے بیٹوں نے اس سے زیادہ حسن سلوک اور تکمیل بجالانی شروع کر دی اور اسے اپنے ساتھ ملا لیا اور اپنے دشمنوں کے ساتھ جنگ کرنے کے لئے اسے سالار مقرر کیا اور اسے تمام امور کا کام سپرد کئے اور وزارت اور حجابت کے بلند مناصب عطا کئے۔

اور جب سلطان ابو حمو فوت ہو گیا اور اس کے بیٹے ابو تاشفین نے اس کی حکومت سنبھالی تو اس نے اسے لوگوں کی بیعت لینے کا کام سپرد کیا اور اس کے مقام سے اس کا مقام بلند ہو گیا اور جب اس پر غالب آ گیا تو وہ موسیٰ بن علی سے بہت حسد کرتا تھا اور اس سے بے تکی کیا کرتا تھا پس اسے اس سے اپنی جان کا خوف پیدا ہوا اور اس نے اندلس میں جانے کے لئے

سمندر پار کرنے کا ارادہ کر لیا تو ہلال نے اسے جلدی سے جا لیا اور اسے گرفتار کر لیا اور اسے کنارے کی طرف جلا وطن کر دیا اور وہ غرناطہ میں اتر کر بدعنوانیوں میں مشغول ہو گیا اور سلطان کے وظیفے کے وصول کرنے سے باز رہا لیکن اس نے اپنے قیام کے زمانے میں اس کی طرف ہاتھ نہ بڑھایا اور جو چیزیں اس کے پاس آتی تھیں یہ وظیفہ ان میں سے بہت اچھا تھا اور لوگوں نے اس کے متعلق باتیں کر کے اسے عجیب چیز بنا دیا۔

ہلال کا حسد: تو ہلال کی پسلیاں حسد اور عداوت سے جل اٹھیں پس اس نے اپنے سلطان کو برانگیختہ کیا اور اس نے ابن الاحمر سے اس کے لانے کے متعلق گفتگو کی تو اس نے اس کو اس کے سپرد کر دیا اور سلطان نے اسے اپنی فوجوں میں اپنی جانب سے عامل مقرر کر دیا حتیٰ کہ وہ اس کی فوجوں کے ساتھ افریقہ جا کر سلطان ابو یحییٰ کے ساتھ عرصے میں جنگ کرنے تک عامل رہا اور اسے شکست ہوئی اور وزراء قتل ہو گئے اور وہ ایک جماعت کے ساتھ واپس آ گیا پس ہلال نے سلطان کو بھڑکایا اور اس کے دل میں یہ بات ڈال دی کہ وہ اس پر تہمت لگاتا ہے اور اس نے اس کی چغلی بھی اس کے پاس کی پس وہ زواودہ عربوں کے پاس چلا گیا اور اس نے اس کی جگہ بجایہ کے کام پر اپنا کاتب یحییٰ بن موسیٰ کو امیر مقرر کیا اور وہ سلیمان اور یحییٰ بن علی بن سباع بن یحییٰ کے پاس اترا جو زواودہ کے قبائل میں ان کے امراء تھے تو وہ اس کے ساتھ نہایت تعظیم اور احترام سے پیش آئے اور وہ ایک مدت ان کے قبائل میں قیام پذیر رہا پھر سلطان نے اسے بلایا اور وہ اس کی مجلس میں اپنی جگہ پر واپس آ گیا پھر اس نے چند ماہ بعد اسے گرفتار کر لیا اور الجزائر کی طرف بھجوا دیا پس اس نے اسے وہاں قید کر دیا اور ہلال کے حسد کی وجہ سے اس کے قید خانے کو تنگ کر دیا۔

ہلال پر ناراضگی: حتیٰ کہ جب وہ ہلال پر ناراض ہوا تو اس نے اسے اس کے قید خانے سے بلایا جو بہت تنگ تھا پس وہ اس کے پاس آ گیا اور جب اس نے ہلال کو گرفتار کیا تو اس نے موسیٰ بن علی کو اپنی حجابت پر مقرر کیا اور جس روز سلطان ابوالحسن تلمسان میں داخل ہوا تو اس روز تک وہ حجابت کے فرائض سرانجام دیتا رہا اور جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں وہ ابوتاشفین اور اس کے بیٹوں کے ساتھ ان کے محل کے دروازے پر قتل ہو گیا اور اس کی حکومت کا خاتمہ ہو گیا اور اس کے بعد اس کے بیٹے سلطان ابوالحسن کے مددگاروں میں شامل رہے جن میں سے سعید بھی تھا اور اس جنگ میں جو محل کے دروازے پر ہوئی تھے بیان میں سے وہ رات کے ابتدائی حصے میں جب کہ اس کے زخموں سے خون بہتا تھا نکلا اور اس کے بعد اس کی زندگی باقیات میں شمار ہوتی ہے اور سلطان نے اسے معافی دے دی یہاں تک کہ بنی عبدالواد کی حکومت واپس آ گئی اور بعد میں ان کی خبروں میں اس کا ذکر دوبارہ آئے گا جیسا کہ ہم بیان کریں گے۔ واللہ غالب علی امرہ۔

یحییٰ بن موسیٰ: اس کا اصل بنی سنوس سے ہے جو کومیہ کا ایک بطن ہے اور انہیں بنی کمی میں حسن سلوک اور تربیت کی وجہ سے دوستی حاصل ہے اور جب بنو کمی مغرب کی طرف گئے تو یہ ان سے پیچھے رہ گئے اور انہوں نے بنی یغمراسن سے تعلق پیدا کر لیا اور انہوں نے ان سے حسن سلوک کیا اور یحییٰ بن موسیٰ عثمان اور اس کے بیٹوں کی خدمت اور حسن سلوک میں پروان چڑھا۔

اور جب محاصرہ ہوا تو ابوحمو نے اس کی ڈیوٹی لگائی کہ وہ رات کو چوکیداروں کے ان محافظوں کی نگرانی کیا کرے جو فصیلوں میں ہوتے تھے اور بازاروں میں اندازے کے مطابق خوراک تقسیم کرے اور دروازے بند کرے اور ان

جنگ میں آگے رہا کرتے اور اس کام پر اس کے خدام میں سے اس کے مددگار بھی تھے جو صبح و شام اور دن رات اس کے ساتھ رہتے تھے اور یہ یحییٰ بھی ان میں سے ایک تھا پس انہوں نے اسے اس کی کارکردگی کے متعلق بتایا اور اس سے حسن سلوک کرنے لگے اور اس کا پیدا کرنا ان کے نواصر سے ابو یوسف کو اس کی جگہ سے لے کر آنا تھا کیونکہ ان کے درمیان جنگ ہو رہی تھی پس یہ اس پر رہے میں تصرف کرتا تھا اور اپنے بھتیجوں نے کی عزت کا پاس کرتا تھا اور جب وہ تلمسان سے نکلے تو انہوں نے اس کے ساتھ اچھا برتاؤ کیا اور اس کی تعریف میں اضافہ کیا اور جب تاشفین بادشاہ بنا تو اس نے اسے منصب میں خود مختار حاکم بنا دیا اور اسے آلہ بنانے کا بھی حکم دیا پھر جب اس نے موسیٰ بن علی کو موحدین کی جنگ اور مشرق کی جانب سے الگ کیا تو اس کے ساتھ اسے بھی معزول کر دیا اور یہ اور یحییٰ دونوں اس کی عملداری میں شامل تھے اور جب سلطان ابوالحسن نے تلمسان سے جنگ کی تو اس نے اس کے ساتھ اطاعت اختیار کرنے اور اس کے ساتھ رہنے کے بارے میں خط و کتابت کی تو اس نے اس کی بات کو قبول کر لیا تو یہ بنی عملاسی کے مقام سے اس کے پاس آیا اور تلمسان میں جس جگہ یہ وہ خیمہ زن تھا وہاں اس کے پاس پہنچا تو اس نے اس کی آمد پر اسے خوش آمدید کہا اور اس کے مقام کو بلند کر دیا اور یہ اس کے ہاں اچھی حالت میں رہا یہاں تک کہ وہ تلمسان کے فتح کرنے کے بعد فوت ہو گیا اور اللہ تعالیٰ ہی زمین اور اس پر رہنے والوں کا وارث ہونے والا ہے۔

ہلال: اس کا اصل قطلونیہ کے نصاریٰ کی قیدیوں میں سے ہے اسے سلطان ابن الاحمر نے عثمان کو تحفہ دیا تھا پھر یہ سلطان ابو حمو کے پاس آ گیا اور اس نے اسے اپنے بیٹے ابو تاشفین کو جو کافر غلام دیا ان میں یہ بھی شامل تھا اور اس نے اس کے ہاں نشوونما اور تربیت پائی اور یہ اس کے ہم عمر آنے جانے والے ترکی لڑکوں کے لئے مخصوص تھا اور سلطان ابو حمو کے ساتھ جو انہوں نے کارنامہ کیا اس میں زیادہ حصہ اسی نے ادا کیا اور جب اس کے بعد اس کا بیٹا ابو تاشفین حکمران بنا تو اس نے اسے اپنی نیابت پر مقرر کیا اور یہ بڑا ہیبت ناک اور بڑا ظالم تھا لیکن یہ اس کے دروازے پر حاجب کے مقام پر تھا پس اس نے لوگوں کے لئے اپنی دعا اور تدبیر کی اور دوسرے آدمیوں کو تمام مناصب سے ہٹا رکھا تھا اس سے وابستہ کرنے کی طرف مائل ہو گیا اور اس نے حکومت پر قبضہ کر لیا اور سلطان کا مقابلہ کرنے لگا پھر حکومت کے نتیجے اور برے انجام سے ڈر گیا تو اس نے سلطان سے حج کے متعلق اجازت طلب کی اور مصر سے ایک کشتی میں سوار ہو کر اس کے پاس آ گیا جسے اس نے اپنے مال سے بھر رکھا تھا سامان خوراک اور ہتھیاروں سے بھری ہوئی تھی اور اس نے اپنے کاتب الکاتب محمد بن حواء کو اپنی نیابت میں سلطان کے دروازے پر مقرر کیا اور ۷۲۲ھ میں چل کر حج کیا اور مصر کے اطراف کے ساتھ رہا اور راستے میں وہ ان کے سلطان موسیٰ سے بھی ملا جو مالی شخص تھا اور دونوں کے درمیان دوستی مستحکم ہو گئی پھر وہ اپنے وطن کو واپسی کے بعد تلمسان واپس آ گیا مگر اس نے حکومت میں اپنا مقام نہ پایا اور اس کے بعد وہ سلطان کے لئے اجنبی بنا رہا اور وہ درباریوں اور مخالفین سے اس کی دشمنی دیکھ کر بدل گیا یہاں تک کہ اس سے ناراض ہو گیا اور ۷۲۳ھ میں اسے گرفتار کر لیا اور اسے قید خانے میں ڈال دیا اور یہ وہیں پڑا رہا یہاں تک کہ فتح تلمسان اور سلطان کی وفات سے چند دن پہلے درد سے فوت ہو گیا اور ان دونوں کے قریب قریب مرنے اور ان دونوں کی سعادت و نحوست کے قریب ہونے میں ایک عجیب نشان پایا جاتا ہے اور سلطان ابوالحسن ان کا سوال کرتا تھا کیونکہ یہ سلطان ابو حمو کے قتل کے موقع پر موجود تھے اور یہ ہلال اس کی موت کی وجہ سے اس کے عذاب سے بچ گیا اور اللہ اپنے حکم کو پورا کرنے والا ہے۔

فصل

قیروان میں سلطان ابوالحسن کی مصیبت کے بعد عثمان بن جرار کے تلمسان کی حکومت پر حملہ کرنے کے حالات

یہ عثمان بن یحییٰ بن جرار بنی عبد الواد کے قبائل میں سے بنی [illegible] میں سے ہیں اور [illegible] بنی زیان کی حکومت کے آغاز سے ہی ان کے پاس آتے تھے یہاں تک کہ حکومت ان کے پاس آ گئی اور یہ خود مختار ہو گئے اور انہوں نے اپنے تمام قبائل پر حکومت کی باگ ڈور سنبھالی اور ان کی ملازمت میں لگے رہے یحییٰ بن جرار نے ان میں پرورش پائی [illegible] سے وہ جاہلی کی آنکھ سے دیکھا جاتا تھا اور سلطان ابوتاشفین کے پاس شکایت کی گئی کہ اس کے دل میں ریاست کے لئے [illegible] تھا جو جذبہ پایا جاتا ہے اور اس نے اسے ایک مدت تک قید کر دیا اور یہ اس کے قید خانے سے بھاگ کر شاہ مغرب سلطان سعید کے پاس چلا گیا تو اس نے اس کا عزت و اکرام کیا اور یہ اپنے ٹھکانے پر ٹھہرا رہا اور موقع [illegible] اور جب سلطان نے تلمسان پر قبضہ کیا تو اس نے اس سے لوگوں کے ساتھ حج کرنے کی اجازت طلب کی تو اس نے اسے اجازت دے دی اور یہ اپنی بقیہ زندگی میں بھی مغرب سے مکہ تک حاجیوں کے قافلے کا امیر رہا یہاں تک کہ سلطان ابوالحسن نے موحدین کے علاقوں پر قبضہ کر لیا اور اس نے اہل مغرب کے تمام عربوں کو افریقہ میں داخل ہونے کے لئے جمع کیا اور ان میں یہ عثمان بھی شامل تھا اور اس نے قیروان سے تھوڑا سا پہلے اس سے مغرب کی طرف واپس جانے کی اجازت طلب کی تو اس نے اسے اجازت دے دی اور یہ تلمسان پہنچ گیا اور امیر کے پاس اترا جو امیر ابوعنان کی والدہ کی طرف سے تھا جسے اس نے اس کی عملداری پر امیر مقرر کیا تھا اور اسے تلمسان کی حکومت کی ولی عہدی کے لئے ترشیح دی گئی تو وہ اس کے قریب ہو گیا اور اس نے اس کے باپ کے بارے میں نرمی سے یہ بات اس کے کان میں ڈالی کہ اس کا باپ افریقہ کی جنگ میں ہلاک ہو گیا ہے اور اس کے بچ جانے کی کوئی امید نہیں اور اس نے حکومت کے واقف کاروں اور نجومیوں کی زبانوں سے اس سے یہ وعدہ کیا کہ حکومت اس کے پاس آ جائے گی اور وہ بھی یہ بیان کرتا تھا کہ اس کے پاس بھی اس کا علم ہے اور اسی بنا پر سلطان ابوالحسن کو قیروان میں مصیبت پڑی ہے اور اس کے ظن کا مصداق اور اس کے قیاس کی اصابت واضح ہو گئی۔ پھر عثمان نے اسے اس کے باپ کی حکومت پر حملہ کرنے اور جلدی سے فاس کی طرف جا کر اس کے بھائی ابومالک کے بیٹے منصور پر غلبہ پانے کے لئے اکسایا جسے اس کے دادا ابوالحسن نے وہاں کا گورنر مقرر کیا ہوا تھا اور اس نے اسے اس کی حکومت و سلطنت کی علامات و نشانات دکھائے اور اس نے سلطان ابوالحسن کی ہلاکت کی خبر کی اشاعت کرنے اور اسے [illegible] کرنے میں اس کے

خلاف حیلہ بازی کی یہاں تک کہ اسے اس کی سچائی کا وہم ہو گیا اور امیر ابو عثمان حکومت کے درپے ہو گیا اور بنی مرین کی فوجوں میں سے ایک جماعت اس کے پاس آئی جس سے اس نے اتفاق کیا اور عطیات دیئے اور ربیع ۷۴۹ھ میں اپنے لئے دعا کا اعلان کیا اور تلمسان کے باہر مطرب پر حملہ کرنے کے لئے چھاؤنی ڈال دی جیسا کہ ہم ان کے حالات میں بیان کریں گے اور جب وہ چلا گیا تو عثمان نے اپنی دعوت دے دی اور ان کی کرسی پر چڑھ بیٹھا اور آلہ بنایا اور بنی عبدالواد کی حکومت کی علامت کو واپس لایا جو آل تمار کے لئے تھی اور چھ ماہ تو وہ رہا یہاں تک کہ آل زیان میں سے عبدالرحمن بن یحییٰ بن یغمراسن کے بیٹوں میں سے ایک آدمی اس کے پاس آیا جس نے اس کے نشانات کو مٹا دیا اور اس کے گھر سمیت زمین میں دھنسا دیا اور بنی عبدالواد کی حکومت کو اس کے اہل کی طرف لوٹا دیا۔

فصل

آل یغمراسن میں سے ابوسعید اور ابوثابت کی حکومت کے حالات اور اس میں ہونے والے واقعات کا بیان

ان دونوں کا دادا امیر ابو یحییٰ یغمراسن بن زیان ان سب سے بڑا بیٹا تھا اور اپنے بھائی عمر اکبر کی وفات کے بعد اس کا ولی عہد تھا اور یغمراسن نے [illegible]ھ میں سجلماسہ پر قبضہ کیا تو اسے وہاں کا گورنر بنایا۔ وہ وہاں پر ایک سال تک مقیم رہا۔ جہاں اس کے ہاں اس کا بیٹا عبدالرحمن پیدا ہوا پھر یہ تلمسان واپس آ گیا اور وہیں پر فوت ہو گیا۔

اور عبدالرحمن نے سجلماسہ میں پرورش پائی اور یحییٰ کی وفات کے بعد تلمسان چلا آیا اور اپنے باپ کے بیٹوں کے ساتھ قیام پذیر ہو گیا یہاں تک کہ سلطان ان کے مقام و منزلت سے تنگ ہو گیا اور اس نے اسے اندلس کی طرف جلاوطن کر دیا اور یہ کچھ عرصہ تک وہاں ٹھہرا رہا اور ایک روز جہاد میں قرمونہ کی سرحد پر اپنی فوجی چوکی میں فوت ہو گیا اور اس کے چار بیٹے تھے یوسف، عثمان، زعیم، ابراہیم جو پھر تلمسان واپس آ گئے اور انہوں نے سالوں تک تلمسان کو اپنا وطن بنائے رکھا یہاں تک کہ سلطان ابوالحسن نے ان کی حکومت پر قبضہ کر لیا اور ان کی حکومت کو اپنی حکومت کے ساتھ ملا لیا اور انہیں جند غرناطہ کے ساتھ تلمسان سے مغرب کی طرف بھجوا دیا۔ پھر انہوں نے تلمسان کی ان سرحدوں پر جو اس کی عملداری میں شامل تھیں جہاد کرنے کے بارے میں اس سے اجازت طلب کی تو اس نے انہیں اجازت دے دی اور ان کا وظیفہ مقرر کر دیا اور انہیں جزیرہ میں اتار دیا اور انہوں نے جہاد میں مشہور کارنامے کئے۔

سلطان ابوالحسن کا افریقہ سے جنگ کرنا اور جب سلطان ابوالحسن نے ۷۴۸ھ میں قومات کو افریقہ سے جنگ کرنے

کے واسطے قتل کیا تو یہ بھی اپنی قوم بنی عبدالواد کے ساتھ اپنے جھنڈے تلے ان کے مددگاروں میں شامل تھے اور ان کا مقام ان میں مشہور و معروف تھا لیکن جب سلطان ابوالحسن کی حکومت ختم ہو گئی اور ان کی علم کے گوشے ہوا تو انہوں نے اعراب کے ساتھ ان کی عداوت میں متحد ہو گئے اور ان سے پھر ان سے جنگ کی۔ ان کی قوت کافی تھی جو عبدالواد سے چھوڑ کر سب سے پہلے ان کے پاس آ گئے جس کی وجہ سے مصیبت بڑھ گئی اور یہ قبیلے وہاں پہنچ گیا اور اعراب نے مضافات پر غلبہ کر لیا اور ان کے پیچھے مضافات میں سے مغرب نے بغاوت کر دی اور انہوں نے بنی عبدالواد کو اپنے شہروں سے نکال دیا اور اپنی عملداری میں آنے کی اجازت نہ دی یہاں تک کہ بنی عبدالواد کی دولت ختم ہو گئی اور ان کے امیر اپنی حکومت اور اپنا امیر مقرر کرنے کے بارے میں مشورہ کرنے کے لیے اکٹھے ہوئے تو انہوں نے مشورے کے بعد عثمان بن عبدالرحمن پر اتفاق کر لیا اور انہیں اپنے عہد کے ساتھ اس کے پاس آئے اور اسے صحرا کی طرف سے لے گئے اور اسے تونس کی طرف کے دروازے پر جس کی وہ ملاقات پر پہنچا پھر جب سلطان نے ان کی بیعت کی کہ ان کا سلطان پہاڑوں سے چھپ گیا تو سلام امارت کے تھے اور ان کی اطاعت اور بیعت کا عہد کرتے تھے یہاں تک کہ سب نے اقرار کیا پھر وہ ان کے ساتھ اپنے گھروں میں چلے گئے۔

مغراوہ کا اپنے امیر علی بن راشد کے پاس اجتماع اور اسی طرح مغراوہ بھی اپنے امیر علی بن راشد بن محمد بن کی بیعت ان سے علی کے پاس آ کر اور وہ اپنے ساتھ ایک دوسرے کے ساتھ متحد ہو کر اپنے مضافات کو بچانے کے لیے انہوں نے آخری دم تک مدافعت کی اور

ان کا

حکومت اپنی تمام کو اسلاف کی وراثت پر پہنچ دینے کا بھی معاہدہ کیا اور اس کے بعد وہ مغرب کی طرف کوچ کر گئے اور بعد ازاں صحراوی لوگوں نے ان پر غارت گری کی تو انہیں جبل کے باشندے ان کی طرح معمولی کامیابی بھی نصیب نہ ہوئی اور جب وہ شہر سے گزرے تو وہاں مغراوہ کی ایک جماعت موجود تھی جو کہ اس وقت سے وہاں مقیم تھی جب سے انہوں نے اپنی حکومت پر قبضہ کر لیا تھا اور وہ سلطان کی فوج میں شامل تھے پس وہ بھی ان کے ساتھ کوچ کر گئے۔

جبل الوراب میں برابرہ کا ان پر حملہ اور جب وہ شہر سے نکلے تو مغراوہ کے برابرہ نے آگے بڑھ کر ان پر حملہ کر دیا تو انہوں نے جنگل میں ثابت قدمی کے ساتھ مقابلہ کیا جو ان کے دستوں میں مشہور و معروف تھا اور غالب آ گئے تو مغراوہ کے قبائل نے ان سے ملاقات کی اور انہوں نے سلطان علی بن راشد کی بیعت کر لی اور ان کی حکومت مستحکم ہو گئی اور بنو عبدالواد کا امیر ابو ثابت اپنی قوم کے ساتھ چڑھائی کرنے کے لیے نکلے اور ان کے راستے میں ایک مقام پر پڑاؤ کیا اور اپنے بھائی بن یوسف کے ساتھ آ رہے تھے جس نے انہیں سلطان ابو عثمان کی فوجوں کے آگے شکست دی اور وہ وہاں سے بھاگ گئے اور ابو ثابت کے ساتھ ایک جماعت بھی تھی جن کا سردار ان میں معروف تھا۔

ابن عثمان کا تلمسان کی طرف فرار پس ابن عثمان بن یحییٰ تلمسان کی طرف بھاگ گیا اور اس نے اپنے ابو حمید اور اس کے اصحاب کے ساتھ جنگ کرنے پر اصرار کیا اور فوج کے دو گروہ ان کے ساتھ سلطان ابو سعید کے پاس

جانے کے لئے نکلے تھے اتر پڑے اور خود وہ تلمسان کی طرف واپس آ گیا اور وہ لوگ بھی اس کے پیچھے پیچھے تھے پس اسے راستے میں پکڑ کر قتل کر دیا گیا اور سلطان شہر کی طرف گیا تو عوام نے عثمان بن جرار پر حملہ کر دیا تو اس نے سلطان سے اپنی جان کی امان چاہی تو اس نے اسے امان دے دی اور جمادی الآخرہ ۷۹۶ھ کے آخر میں سلطان کے محل میں داخل ہو گیا۔ پس یہ اپنے تخت پر بیٹھا اور اپنے امور نافذ کئے اور وزیر بنائے اور کاتب بنائے اور اس نے اپنے بھائی ابو ثابت الزعیم کو اپنے دروازے سے باہر اور علاقے کے مقبوضات اور اطاعت اور جنگوں پر امیر مقرر کیا اور خود اس نے بادشاہ کے لقب اور نام پر اکتفا کیا اور آسودگی و آرام سے وابستہ ہو گیا اور عثمان بن یحییٰ کے پاس ملک باہر جانے پر ہی گرفتار ہو گیا جس نے اسے زمین دوز قید خانے میں اتار دیا یہاں تک کہ وہ اسی سال رمضان میں فوت ہو گیا اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ وہ قتل ہو کر مرا تھا۔

سلطان ابو ثابت کی پہلی جنگ:۔ اور سلطان ابو ثابت کی پہلی جنگ کومیہ سے تھی اور اس کا واقعہ یوں ہے کہ ان کا ایک آدمی ابراہیم بن عبد الملک ایک زمانے سے ان کا سردار تھا اور وہ بنی عابد کی طرف منسوب تھا جو عبد المومن بن علی کی قوم ہیں اور کومیہ کا ایک بطن ہیں۔ پس جب تلمسان میں جنگ ہوئی تو اس نے خیال کیا کہ جنگ کے بادل نہیں چھٹیں گے اور اس کے دل نے اسے حکومت کرنے کو کہا تو اس نے اپنی دعوت دے دی اور بادشاہ بن بیٹھا اور ان کے قریبی مضافات کو آگ لگا دی اور جنگ سے شعلہ زن کر دیا تو سلطان ابو ثابت نے اس کے لئے تیاری کی اور کومیہ پر حملہ کر دیا اور انہیں قتل اور قید کر کے ان کی بیخ کنی کر دی اور اس کے بعد تیس اور ندرومہ میں داخل ہو گیا اور ابراہیم بن عبد الملک باغی کو پکڑ لیا اور اسے گرفتار کر کے تلمسان لایا اور اسے قید خانے میں ڈال دیا اور چند ماہ کے بعد اسے قید خانے ہی میں قتل کر دیا اور مغرب اوسط کے شہر اور سرحدیں ہمیشہ ہی سلطان ابو الحسن کی مطیع رہیں اور اس کی دعوت کو قائم کرتی رہیں اور وہاں اس کے عمال اور گورنر بھی تھے اور تلمسان اس کے قریب تر وہران کا شہر تھا جہاں پر بنی مرین کا پروردہ قائد عبو بن سعید بن جانا رہتا تھا جس نے اسے مضبوط کیا اور اسے خوراک، ہتھیاروں اور قوت و توانائی اور اس کی بلند نگاہ کو بڑی چیزوں سے بھر دیا تھا اور اپنے حسن مضافات کو انہوں نے سفر کے لئے چھین لیا پس ان میں سب سے اول وہ ہے جس پر قابض سلطان ابو ثابت نے قبائل زغبہ اور عربوں کے جمع کرنے کے بعد اس پر چڑھائی کی اور کئی روز تک اس کا محاصرہ کئے رکھا اور ان کے حلیفوں بنی راشد کے دلوں میں مرض تھا پس انہوں نے شہر کے قائد سے سلطان ابو ثابت کے خلاف بغاوت کرنے کے بارے میں سازباز کی اور جنگ کے وقت اس سے اس سازش کو کامیاب بنانے کا وعدہ کیا پس اس نے شہر بند میں نکل کر ان سے جنگ کی اور وہ شدید شکست کھا گئے اور ان کے ساتھیوں کو بھی شکست سے دو چار ہونا پڑا اور محمد بن یوسف بن عثمان بن قارن جو ان کا قریبی قرابت میں سے عمر ان بن زیان کا بھائی تھا قتل ہو گیا اور اس نے بھی فوج کو لوٹ لیا اور سلطان ابو ثابت پہنچ کر تلمسان چلا آیا یہاں تک کہ اس کا وہ حال ہوا جو ہم بیان کریں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

فصل

الناصر بن سلطان ابوالحسن کے ساتھ ابوثابت کی جنگ اور اس کے بعد فتح وہران کے حالات

قیروان کی جنگ کے بعد سلطان ابوالحسن تونس چلا گیا اور وہاں قیام پذیر ہو گیا اور عرب اس کا محاصرہ کیے ہوئے تھے اور وہ موحدین میں سے شہزادوں کو یکے بعد دیگرے تونس کے حاصل کرنے کے لئے امیر مقرر کرتے تھے جیسا کہ ہم نے ان کے حالات میں بیان کیا ہے اس دوران میں کہ وہ تنگی کی اور مغرب اقصیٰ سے مدد پہنچنے کی امید لگائے بیٹھا تھا کیونکہ اس نے تمام پیغام رسانوں کے ہاتھ سے اور اپنے بیٹے اور پوتے کی بغاوت اور بنی عثمان کے تمام مغرب پر قابض ہو جانے کی اطلاع دی تھی بنی عبدالواد، مغراوہ اور توجین کے مغرب اوسط میں اپنی حکومت کی طرف اس کی آمد کے لئے واپس جانے کی اطلاع ملی تو مغرب اوسط کے شہروں الجزائر، وہران اور جبل وانشریس میں اس کے حاکم تھے اور وہاں پر نصر بن عمر بن عثمان بن عطیہ اس کی دعوت کا ذمہ دار تھا اور عریف بن یحییٰ بھی سلطان کے ہاں اپنے مقام کی وجہ سے اور اس کی قوم بھی دوستی کے باعث الناصر کے مددگاروں میں شامل تھی اور عریف کو یہ مقام تونس میں یہاں حاضری کے وقت ملا تھا کہ سلطان نے اس کی بات کو قبول کیا اور ان سب کو بھیج دیا اور الناصر موسم گرما میں چلا گیا تو انہوں نے اس کی اطاعت کر لی اور اس کے ساتھ کوچ کیا اور عطاف، دیالم اور سوید نے بھی اس سے دوستی کی اور ان کے پاس چلے گئے اور اس کے ساتھ مل گئے اور وہ مدد کو جانے کے لئے کوچ کر گئے۔

اور اسی دوران میں امیر ابوثابت دوبارہ جنگ کو وہران کی طرف لے جانا چاہتا تھا کہ جب اسے اس کے متعلق خبر ملی تو وہ جلدی سے سلطان ابوعنان کے پاس سے آیا اور بنی مرین کی ایک فوج اس کے بھائی ابوسعید کے بیٹے ابوزیان کے ساتھ اس کے پاس آئی جو ان کے قریب ان پر حملہ کرنے کے لئے تھے۔ وہ وہاں قیام پذیر ہوا اور اس کے باپ نے اس کے متعلق اسے اطلاع دی تو وہ اپنی اور فوجوں کی کمک کے ساتھ آیا اور ماہ محرم ۷۵۱ھ میں تلمسان سے حملے کے لئے گیا اور مغراوہ کو بھی سلطان [illegible] الناصر نے اپنی فوجوں کے ساتھ اس سے وادی ملکہ میں جنگ کی اور عربوں کی فوجیں تتر بتر ہو گئیں اور وہ شکست کھا گئے اور الناصر الزاب چلا گیا اور بسکرہ میں ابن مزنی کے پاس اترا، یہاں تک کہ ریاح کے جوانوں میں سے ایک آدمی نے اسے اپنا ساتھی بنا لیا جس نے اسے تونس میں اس کے باپ کے پاس پہنچا دیا۔

عریف بن یحییٰ کا مغرب اقصیٰ کو جانا اور عریف بن یحییٰ مغرب اقصیٰ چلا گیا اور سلطان ابوعنان کے پاس اس کی مجلس میں اپنے مقام پر رہا اور اس کی خواہش پوری ہو گئی اور مغرب اوسط ابوثابت کی اطاعت اور خدمت میں واپس آ گئے اور

اسے صغیر بن عامر بن ابراہیم کے متعلق شک ہوا تو اس نے اسے گرفتار کر لیا اور اسے قید کرنے کا قصد کے ساتھ تلمسان کو بھیج دیا جس وہاں پر قید کر دیا گیا یہاں تک کہ کچھ عرصہ کے بعد اسے رہا کر دیا اور ابو ثابت تلمسان کی طرف واپس آ گیا اور کچھ وقتوں تک وہاں ٹھہرا رہا پھر اس نے اسی سال کے ماہ جمادی الاول میں وہران پر چڑھائی کی اور کئی روز تک اس کا محاصرہ کیے رکھا پھر اس میں بزور قوت داخل ہو گیا اور علی بن یعلیٰ کو جو اپنے بھائی محمد کی وفات کے بعد قائم تھا اس کے ساتھیوں سمیت حوالہ کر کے انہیں رہا کر دیا اور وہران اور اس کے نواح پر قابض ہو گئے اور تلمسان کی طرف واپس آ گیا اور اس کے اور مغراوہ کے درمیان عداوت مستحکم ہو گئی اور جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ یہ عداوت اس سبب سے ہوئی کہ انہوں نے اس کی مدد نہیں کی تھی پس اس نے اسی سال شوال میں ان پر چڑھائی کی اور وادی رہیو کے کنارے ان کی جنگ ہوئی اور یہ کچھ دیر تک لڑتے رہے پھر مغراوہ تتر بتر ہو گئے اور اپنے قلعوں میں چلے گئے اور ابو ثابت نے ان کی چھاؤنی اور ترقہ پر قبضہ کر لیا اور اس کی بیعت اپنے بھائی سلطان ابو سعید کی طرف بھیجی اور یہ سلطان ابوالحسن کے تونس سے پہنچنے کے بعد ہوا جیسا کہ ہم اسے بیان کریں گے۔ ان شاء اللہ واللہ اعلم۔

فصل

تونس سے سلطان ابوالحسن کے پہنچنے اور الجزائر میں اترنے اور اس کے اور ابو ثابت کے درمیان ہونے والی جنگوں کے حالات اور شکست کے بعد اس کے مغرب چلے جانے کے حالات

[illegible]

الجزیرہ کی طرف گیا۔

ونزمار کا فرار: ونزمار اور اس کے ساتھ جو عرب فوجیں تھیں وہ اس کے آگے بھاگ گئیں اور وہاں اس کے پاس سلطان ابوعنان کی فوج بھی پہنچ گئی جن کا سالار یحییٰ بن رحمون، شعیب بن میمون تھا جس نے ونزمار کا تعاقب کیا اور انہیں بھگا دیا اور حصین کے قبائل جبل تیطری میں اپنے قلعوں میں چلے گئے پھر اس نے المدیہ پر حملہ کر کے اسے فتح کر لیا اور اپنے پروردہ عمر بن موسیٰ الجلولی کو اس کا امیر مقرر کیا پھر اس نے حصین پر حملہ کیا اور جبل میں ان پر غالب آ گیا تو انہوں نے اطاعت اختیار کر لی اور اطاعت پر اپنے بیٹوں کو یرغمال رکھ دیا اور وہ انہیں جزیرہ کو پامال کرنے کے لئے لے گیا اور اس پر قبضہ کر لیا اور اس نے عرب اور بربر قبائل کو تادیب بٹھا لیا اور اس دوران میں سلطان الجزائر میں مقیم رہا پھر وہاں سے تلمسان کی طرف واپس آ گیا اور اسے یحییٰ بن رحمون اور اس کی فوج کی بری حرکتوں میں سے کسی کے متعلق شبہ پڑ گیا کہ انہوں نے سلطان ابوالحسن سے ساز باز کی ہے اور اس نے اس کے متعلق سلطان ابوعنان کو اطلاع دی تو اس نے عیسیٰ بن سلیمان بن منصور بن [illegible] کو مرینی فوج کا سالار بنا کر بھیجا، تو اس نے یحییٰ بن رحمون کو گرفتار کیا۔ یہ اور [illegible] ثابت کے ساتھ تلمسان چلے گئے پھر وہ مغرب کی طرف گیا۔

الناصر کا المریہ پر قبضہ کرنا: اور سلطان ابوالحسن نے اپنے بیٹے الناصر کو اس کے زناتہ اور عرب مددگاروں کے ساتھ روانہ کیا تو اس نے المریہ پر قبضہ کر لیا اور عثمان بن موسیٰ الجلولی کو قتل کر دیا پھر اس نے ملیانہ کی طرف بڑھ کر اس پر قبضہ کر لیا اور اسی طرح تیمزوغت پر بھی قبضہ کر لیا اور اسی طرح اس کا باپ سلطان ابوالحسن بھی اس کے پیچھے پیچھے آیا اور اس کے پاس زغبہ، زناتہ اور افریقی عربوں میں سے محمد بن طالب بن مہلہل کی طرح سلیم و ریاح کی فوجیں اکٹھی ہو گئیں اور اس کے خاندان کے آدمی اور عمر بن علی بن احمد الذوادی اور اس کا بھائی ابو دینار اور ان دونوں کی قوم کے آدمی بھی اکٹھے ہو گئے اور اس نے اس تیاری کے ساتھ مارچ کیا اور اس اثنا میں [illegible] اور اس کی مفرد قوم ان کے خیموں سے [illegible] کی طرف بھاگ گئے اور [illegible] کوئی [illegible] حاصل کی تو وہ بھی اپنی قوم [illegible] کے ساتھ ہو گیا۔ [illegible] سلطان ابوالحسن اور اس کی قوم پر چڑھائی کی اور شلف کے علاقے میں [illegible] کے مقام پر دونوں فوجوں کی جنگ ہوئی۔ پھر [illegible] دونوں فوجیں [illegible] پھر سلطان ابوالحسن اور اس کی قوم بھاگ گئی اور اس کے بیٹے الناصر کو [illegible] آخری وقت ہو گیا اور اس کے [illegible] محمد بن علی العزفی اور اس کے اموال کو جب ان بھگوڑوں [illegible] ہو گئے اور ان کی چھاؤنی کا تمام مال و متاع اور [illegible] بہت لوٹ لی گئی اور اس کی بیٹیاں [illegible] کی طرف چلی گئیں [illegible] بعد میں سلطان ابوعنان کے پاس بھیج دی اور سلطان ابوالحسن صحرا کی طرف سویدہ کے قبائل میں چلا گیا اور اس کے ساتھ ونزمار بن عریف بھی [illegible] کی طرف چلا گیا جیسا کہ اس کے حالات میں بیان ہو گا اور [illegible] ثابت نے الجزائر پر قبضہ کر لیا اور تلمسان کی طرف واپس آ گیا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

فصل

مغراوہ کے ساتھ ان کی جنگوں اور ابوثابت کے ان کے بلاد اور پھر الجزائر پر قبضہ کرنے کے حالات اور اس کے بعد تنس میں علی بن راشد کے قتل کے واقعات

عبدالواد اور مغراوہ کے ان دونوں قبائل کے درمیان ان کے بدوی ابتدائی ایام میں بھی قدیم جنگوں کا دور دورہ رہا جن میں سے بہت سی جنگوں کے حالات ہم نے ان کے حالات میں بیان کر دیئے ہیں اور بنو عبدالواد نے ان کے وطن میں ان پر غلبہ پا لیا تھا یہاں تک کہ راشد بن محمد ان کے آگے زواوہ کے درمیان اپنی جلاوطنی ہی میں قتل ہو گیا تھا اور جب وہ قیروان کی مصیبت کے بعد اپنے امیر علی بن راشد پر متفق ہوئے تو وہ افریقہ سے بنی عبدالواد کے ساتھ اپنے اوطان میں اس کے پاس آئے اور انہوں نے اس وقت بھی ان کے غلبہ کو تسلیم نہیں کیا اور اسی وقت انہوں نے تو نقض عہد کی طرف رجوع کیا اور اسے پختہ کیا اور ان کے دشمن کے خلاف مدد کرنے اور ان سے مصالحت کرنے پر قائم رہے اور ان میں ہر ایک کے اندر فتنہ کی رگیں پھڑکتی رہی تھیں۔

الناصر کی افریقہ سے آمد: اور جب الناصر افریقہ سے آیا اور ابوثابت نے اس پر چڑھائی کی تو علی بن راشد اور اس کی قوم نے اس کی مدد نہ کی بلکہ اس نے ان کی اس بات کو یاد رکھا اور اسے دل میں چھپائے رکھا پھر اس کے بعد سلطان ابوالحسن کے ساتھ جنگ کرنے کا ارادہ کیا اور شکست کھا کر مغرب کی طرف چلا گیا اور جب ابوثابت نے دیکھا کہ وہ اپنے بڑے دشمن سے بے نیاز ہو گیا ہے اور اپنے بھائی کے دشمن کے لئے فارغ ہو گیا ہے تو اس نے ان کے خلاف بغاوت کرنے کے متعلق سوچا اسی دوران میں کہ وہ اس کے اسباب پر غور کر رہا تھا اچانک اسے خبر ملی کہ مغراوہ میں سے بنی کمین کا ایک آدمی تلمسان آیا ہے اور انہوں نے اس کو دھوکے سے قتل کر دیا ہے تو اسے اس کے لئے غیرت آئی اور اس نے ان سے جنگ کرنے کی ٹھان لی اور ۷۵۱ھ کے آغاز میں تلمسان سے نکل گیا اور بنی عامر کے زغبہ اور سوید میں آ ملی جمعیت ان کے گھڑ سواروں پیادوں اور

اونٹ سوار دستوں کو اس کے پاس لے آئے اور ان لوگوں نے مغراوہ پر چڑھائی کر دی تو وہ ان کے ساتھ جنگ کرنے سے خوفزدہ ہو کر ان پہاڑوں میں قلعہ بند ہو گئے جو تنس میں سمندر کے ساتھ ہیں جس کی وجہ سے کئی روز تک وہاں ان کا محاصرہ کیے رکھا اور ان میں مسلسل جنگیں ہوتی رہیں اور وہ شدید محصور ہو گئے پھر یہ انہیں چھوڑ کر چلا گیا اور قبیلے کے ان علاقوں میں گیا اور ان کی اطراف پر قبضہ کر لیا اور ملیانہ المدیہ بریشک اور شرشال نے اس کی اطاعت اختیار کر لی پھر اس نے اپنی فوجوں کے ساتھ الجزائر کی طرف بڑھ کر اس کا محاصرہ کر لیا وہاں کی مرینی کی ایک جماعت رہتی تھی اور عبداللہ بن سلطان ابوالحسن نے اسے [illegible] علی بن سعید بن یحییٰ کی نگرانی میں چھوڑا تھا پس اس نے انہیں شہر میں مغلوب کر لیا اور انہیں سمندر کے راستے مغرب کی طرف بھگا دیا اور تمام بلکیش اور قبائل حصین نے اس کی اطاعت اختیار کر لی اور اس نے الجزائر پر سعید بن موسیٰ بن علی الکردی کو امیر مقرر کیا۔

مغراوہ کا محاصرہ: ابو ثابت فوراً مغراوہ کی طرف واپس آ گیا اور عربوں کے اپنے سرمائی مقامات کی طرف لوٹ جانے کے بعد ان کے پیچھے پہاڑوں میں ان کا تعاقب کیا اور مغراوہ کا محاصرہ سخت ہو گیا اور ان [illegible] سے آ گیا تو وہ [illegible] کی حکومت کی محاصرہ میں [illegible] تو علی بن راشد تنس چلا گیا اور ابو ثابت نے تین دن تک اس کا محاصرہ کیے رکھا [illegible] اس نے بلا مدت [illegible] اور اپنی جان پر حملہ کر کے خودکشی کر لی اور اس کے بعد مغراوہ منتشر ہو گئے اور قبائل میں بٹ گئے اور ابو ثابت تلمسان واپس آ گیا یہاں تک کہ سلطان ابوعنان نے چڑھائی کی جس کا ذکر ہم بعد میں کریں گے ان شاء اللہ تعالیٰ۔

فصل

سلطان ابوعنان کے تلمسان پر قبضہ کرنے اور دوسری بار بنو عبدالواد کی حکومت کے ختم ہونے کے حالات

جب سلطان ابوالحسن تونس سے چلا گیا اور اس کی حالت پتلی ہو گئی تو اس کے بیٹے ابوعنان نے [illegible] یہاں تک کہ وہ جبل ہنتاتہ میں فوت ہو گیا جیسا کہ ہم ان کے حالات میں بیان کر چکے ہیں تو مغرب کی حکومت سلطان ابوعنان کے لئے مرتب ہو گئی اور وہ اپنے دشمن کے لئے فارغ ہو گیا اور وہ ان تمام حالات کی وجہ سے تلمسان کی طرف مائل ہوا جنہیں ان کے باپ نے ان پر حملہ کرنے کے لئے [illegible] تھا اور اس نے [illegible] علی بن راشد [illegible] کے پاس جماعت کرنے کے لئے بھیجا [illegible] ابو ثابت [illegible]

راشد کے قتل ہونے کی اطلاع ملی تو اس نے تلمسان سے جنگ کرنے کا ارادہ کیا اور ابوسعید اور اس کا بھائی اس سے پیچھے ہو گئے لیکن ابوثابت باہر نکلا اور اس نے ۵۱ ذوالقعدہ کو زناتہ اور عربوں سے قبائل کو جمع کیا اور وادی شلف میں پڑاؤ کر لیا اور لوگ اس کے پاس جمع ہو گئے اور وہ یہاں پر آئے ربیع الاول ۷۵۳ھ میں تدلس کی بیعت پہنچی جس پر موحدین نے اس کے پروردہ جاتا تھ وسانی کو قابض کروا دیا تھا اور اسے بھی اپنے مقام پر سلطان ابوعنان کی چڑھائی کی خبر ملی تو وہ تلمسان کی طرف واپس آ گیا پھر وہ مغرب کی طرف گیا اور اس کے پیچھے پیچھے اس کا بھائی سلطان ابوسعید زناتہ کی فوجوں کے ساتھ آیا اور اس کے ساتھ بنو عامر کے زغبہ اور سوید کی ایک جماعت بھی تھی جب کہ ان کی اکثریت عریف بن یحییٰ کے مقام پر اور بنی مرین کے ساتھ اس کے بیٹے کی دوستی کی وجہ سے مغرب کو چلی گئی پس وہ اسی تیاری کے ساتھ چل پڑے اور سلطان ابوعنان مغرب کی اقوام میں چلا گیا اور معقل اور مصامدہ عرب اور فوج کے دیگر طبقات سب کے سب وجدہ سے میدان انکاد کی جگہ پر پہنچ گئے جہاں پر آخر ربیع الثانی ۷۵۳ھ میں جنگ ہوئی۔

بنو عبدالواد کا جنگ پر اتفاق کرنا اور بنو عبدالواد نے دوپہر کے وقت خیمے لگانے اور سواریوں کو پانی پلانے اور چھاؤنی والوں کے اپنی اپنی ضروریات کے لیے منتشر ہو جانے کے بعد فوجوں سے گزر کرنے پر اتفاق کر لیا اور انہیں میدان جنگ کی تنظیم و ترتیب کرنے سے پہلے ہی جا لیا اور سلطان ابوالحسن اس کام کی تلافی کے لیے سوار ہوا تو اولیاء لوگ اس کے پاس اکٹھے ہو گئے اور بقیہ چھاؤنی منتشر ہو گئی پھر اس نے ان لوگوں کے ساتھ جو اس کے پاس موجود تھے ان پر چڑھائی کی اور انہوں نے نہایت پامردی کے ساتھ ان سے جنگ کی پس ان کے میدان میں ابتری پھیل گئی اور انہوں نے ہاتھ اٹھا دیے اور بحر ظلمات میں گھس گئے اور بنی مرین نے ان کا تعاقب کیا اور ابوسعید کو اسی رات گرفتار کر کے اور قیدی بنا کر سلطان ابوعنان کے پاس سرداروں کی موجودگی میں لایا گیا تو اس نے اسے توبیخ کی پھر اسے اس کے قید خانے میں لے جایا گیا اور گرفتاری سے نویں رات قتل کر دیا گیا اور سلطان ابوعنان تلمسان کی طرف کوچ کر گیا اور زعیم ابوثابت بنی عبدالواد کی ایک جماعت سمیت جو اس کے ساتھ تھی بچ گیا اور جو شخص ان میں سے بجایہ جاتے ہوئے اس کے پاس آ گیا تا کہ موحدین کی حکومت میں اپنے دشمن کا کوئی بھیدی پائے تو راستے میں زواوہ نے اس پر شب خون مارا تو وہ اپنے ساتھیوں سے الگ ہو گیا اور اپنے گھوڑے کو چھوڑ کر پیدل چلا اور پیادہ پا برہنہ ہو گیا اور ان کے ساتھ اس کی قوم کے رفقاء میں سے ابوزیان محمد اس کا بھتیجا سلطان ابوسعید اور ابوحمو موسیٰ اور ان کا بھتیجا یوسف اور ان کا وزیر یحییٰ بن داؤد بن مکن بھی تھے اور سلطان ابوعنان نے ان دنوں حاکم بجایہ کو مولانا سلطان ابوبکر کے پوتے مولی عبداللہ سے متعلق اشارہ کیا کہ ان کے راستوں کی نگرانی کرے اور ان کی تلاش میں جاسوس بھیجے پس شہر کے چوک میں اسے ان کے متعلق اطلاع ملی اور اس نے امیر ابوثابت اور اس کے بھتیجے محمد بن ابوسعید اور ان کے وزیر یحییٰ بن داؤد کو گرفتار کر لیا اور انہیں بجایہ لے جایا گیا پھر حاکم بجایہ امیر ابوعبداللہ سلطان ابوعنان سے ملاقات کرنے اور انہیں اپنی قید میں دینے کے لیے نکلا جب وہ انہیں لے کر باہر اس کے پڑاؤ میں اسے ملا تو اس نے آتے خوش آمدید کہا اور اس کے احسان کا شکریہ ادا کیا اور وہ اسی پاؤں تلمسان واپس آ گیا اور ایک نہایت ہی خوش بخت دن میں اس میں داخل ہو گیا اور اسی روز ابوثابت اور اس کے وزیر یحییٰ کو دو اونٹوں پر سوار کر دیا گیا جبکہ ان دونوں کو اس محل کی دونوں شاہراہوں کے درمیان لوگ گزار کر لے جا رہے تھے اور ان دونوں کی عجیب حالت تھی پھر دوسرے دن ان دونوں کو شہر کے سرحلی

معتقل میں ڈال دیا گیا، پھر نیزے مار مار کر قتل کر دیا گیا اور آپ نے یہاں کی حکومت کا خاتمہ ہو گیا اور وہ حکومت جسے عبدالرحمن کے بیٹوں نے قائم کیا تھا تلمسان میں وہ ختم ہو گئی یہاں تک کہ انہیں تیسری بار ابو حمو موسیٰ بن یوسف بن عبدالرحمن کے ہاتھوں غلبہ حاصل ہوا جو اس دور میں حکومت کا مالک ہے جس کے مفصل حالات ہم عنقریب بیان کریں گے انشاء اللہ تعالیٰ۔

فصل

سلطان ابوحمو الاخیر جس نے تیسری بار اپنی قوم کو حکومت دلوائی' اس کی حکومت اور اس کے عہد میں ہونے والے واقعات کے مفصل حالات

یہ یوسف بن عبدالرحمن تلمسان میں اپنے بھائی سلطان ابو سعید کی حکومت میں رہتا تھا اور اس کا بھائی ابو حمو دی دونوں منصب حاصل کرنے کی بجائے علم میں مست اور عزت کی تلاش میں مشغول رہتے تھے اور ملک سے الگ تھلگ ہو کر نیکی کا کام کرنے اور سکون حاصل کرنے کی طرف مائل تھے یہاں تک کہ بنی مرین کی آمد نے ان کی حکومت کو تباہ کر دیا اور سلطان ابو عنان نے ان پر قبضہ کر لیا اور ان کے بیٹے میں جو حسن خدمت بھی تھی اسے ختم کر دیا اور اس کا بیٹا ابو حمو موسیٰ اپنے چچا ابو ثابت کے ساتھ مشرق کی طرف چلا گیا اور بعد میں اس نے یوسف کو اپنی قوم کے شرفاء کے ساتھ مغرب کی طرف بھیج دیا تو وہ وہیں مقیم ہو گیا اور جب اس نے بجایہ کے امن میں ابو ثابت کو گرفتار کر لیا تو اس نے ابو حمو سے ملنے کو ترک کر دیا اور جاسوس اس کے متعلق اطلاعات دیتے رہے تو وہ تونس جا کر حاجب ابو محمد بن تافراکین کے پاس اترا تو اس نے اسے خوش آمدید کہا اور اسے اپنے سلطان کی مجلس میں ٹھہرا دیا اور اس کا وظیفہ مقرر کر دیا اور اس کی قوم سے دو مرد آ ملے جو اس کے ساتھ تعلق رکھتے تھے پھر جب سلطان ابو عنان نے اسے اشارہ کیا کہ اس کی حکومت میں جو مقام حاصل ہے وہ وہاں سے انہیں بلا لے تو اسے غیرت آئی اور اس نے اپنے سلطان کی تذلیل سے انکار کر دیا جس نے ابو عنان کو اپنے مطالبے پر شکست دی اور اسی دور میں ابو زید اپنے چچا کی وہ ریاح اور سلیم کے عربوں کے ساتھ جنگ کیا کرتا تھا اور انہوں نے اس کی اطاعت چھوڑ دی تھی جیسا کہ ہم اس کے حالات میں مفصل بیان کر چکے ہیں۔

اس کی وفات سے قبل ۷۵۹ھ میں ریاح کے امراء زواودہ حاجب ابو محمد بن تافراکین کے پاس گئے اور انہوں نے ابو حمو موسیٰ بن یوسف کے زغبہ عربوں کے ساتھ تعلق جوڑنے میں رغبت دلائی اور وہ اس وجہ سے اس کے مددگار ہوں گے اور وہ فوراً تلمسان پر چڑھائی کرے اور سلطان ابو عنان کو اس سے غافل کرے اور انہوں نے اس سے مطالبہ کیا کہ وہ سلطان کے ایک آلے کو تیار کرے اور صغیر بن عامر امیر زغبہ نے اس کام میں شہرت کی وجہ سے موافقت کی اور ان لوگوں وہ مطلوب بن گئی

کے قبائل میں اس کی پناہ میں رہتا تھا پس موحدین نے متعدد بار اس کی حالت کو درست کیا وہ راستے میں ٹھہرا اور اس کی قوم بنی مرین کی معیت کے لئے بھجوا دیا اور وہ وادی ملویہ سے عثمان بن سباع اور ان کے حلیفوں میں سے بنو سعید و زیان بن عیسیٰ بن رحاب اور اس کی قوم نے اس کے ساتھ کوچ کیا اور وہ سب کے سب تلمسان جا پہنچے اور انہوں نے صحرا کا راستہ اختیار کیا اور راستے ہی میں انہیں چھوڑ دیا اور جلدی سے تلمسان کی طرف گیا جہاں پر بنی مرین کے چیدہ لوگ تھے۔ جب تھے اور ابو حمو کی خبر وزیر حسن بن عمر کو ملی جو سلطان ابو عنان کی وفات کے بعد حکومت سنبھالنے والا اور اس کے بعد اس کے بیٹے سعید پر قابو پانے والا تھا پس اس نے کاتبوں کی فوج اور اموال بھی تلمسان کی طرف بھجوائے اور مریف بن یحییٰ کی اولاد میں سے حکومت کے مددگار اور مغرب سے سوید کے امرائے صحرا اپنی قوم کے ساتھ اور اپنے عرب حامیوں کے ساتھ سلطان ابو حمو اور اس کے بیٹوں کا دریں سے موافقت کے لئے تیار ہو گئے پس ان کی فوج کا شیرازہ منتشر ہو گئی اور انہوں نے ان کے وطن پر قبضہ کر لیا۔

ابو حمو اور اس کی فوج کا تلمسان کے میدان میں پڑاؤ: اور سلطان ابو حمو اور اس کی فوج تلمسان کے میدان میں آ گئی اور وہاں انہوں نے اپنی سواریاں اتاریں اور تین دن تک تلمسان سے جنگ کرتے رہے اور چوتھے دن کی صبح کو اس میں داخل ہو گئے اور سلطان ابو عنان جو تلمسان کا امیر تھا وہ بنی مرین کی ایک جماعت کے ساتھ نکل کر صغیر بن عامر امیر قوم کے ہاں اترا پس اس نے انہیں خرچ دی اور پناہ دی اور اسے اپنے بیٹوں کے ساتھ اپنے بھائی کی خدمت میں بھیجا اور سلطان ابو حمو ربیع الاول ۷۶۰ھ کو تلمسان میں داخل ہوا اور وہاں قصر حکومت میں فروکش ہو گیا اور اس کے تخت پر بیٹھا اور اس کی بیعت خلافت ہوئی اور اس نے اپنی حکومت کی بنیادوں کو استوار کرنے اور بنی مرین کو اپنی مملکت کے شہروں سے نکالنے پر غور و فکر کرنا شروع کر دیا۔ واللہ اعلم۔

فصل

مغرب کی فوجوں کے آگے ابو حمو کے تلمسان سے بھاگ جانے اور پھر دوبارہ وہاں آنے کے حالات

سلطان ابو عنان کے بعد اس کے وزیر حسن بن عمر نے جو اس کے بیٹے سعید کا پرورش کنندہ تھا اور جس نے اس کے لئے لوگوں کی بیعت لی تھی مغرب کی حکومت سنبھالی پس اس نے مغرب کی حکومت کی تدبیر کی اور حاکم سلطان کی سیاست پر چلا اور دور و نزدیک کے ممالک کی حمایت و مدد میں اس کے نقش قدم پر چلا اور جب اسے تلمسان کے متعلق اور اس پر ابو حمو کے متغلب ہونے کے متعلق اطلاع ملی تو وہ اپنے سرداروں میں کھڑا ہوا اور سرداروں سے اس پر حملہ کرنے کے بارے میں مشورہ کیا تو انہوں نے اسے روک دیا اور فوجیں بھیجنے کا مشورہ دیا پس اس نے اپنے عمزاد مسعود بن رحو بن علی بن عیسیٰ بن ماسای بن فودود کو تیار کیا اور اسے جوانوں کے منتخب کرنے اور ہتھیار حاصل کرنے اور مال خرچ کرنے اور آلات بنانے کا حکم دیا پس

اس نے تلمسان پر چڑھائی کی اور سلطان ابوحمو اور اس کے مددگاروں کو جو بنی عامر میں سے تھے اس کی اطلاع پہنچ گئی پس وہ وہاں سے بھاگ کر صحرا میں چلا گیا اور وزیر مسعود بن رحو تلمسان میں آیا اور سلطان ابوحمو مغرب کی طرف چلا گیا پس وہ تھک میدان میں اترا اور وزیر مسعود بن رحو نے اپنے عم زاد عمران بن موسیٰ کو اپنی فوج اور اپنی قوم کے سرداروں کے ساتھ ان کی طرف بھیجا تو ابوحمو اور ان کے ساتھیوں نے ان پر حملہ کر دیا اور انہیں شکست دی اور تلمسان کی طرف جو فوج گئی تھی وہاں جو قوم تھی ان کے خیالات مختلف ہو گئے اور وزیر عمران کے دل میں حسن بن عمر کی سلطنت اور حکومت پر غلبہ کرنے کے بارے میں فتنہ پیدا ہو گیا اور وہ آل عبد الحق میں سے ایک شریف کی بیعت کے لئے تیار ہو گئے اور وزیر مسعود بن رحو ان کی سازش کو سمجھ گیا اور اس کے دل میں بھی یہ بیماری تھی تو اس نے اسے غنیمت سمجھا اور اس نے منصور بن سلیمان بن منصور بن عبد الواحد بن یعقوب بن عبد الحق کی بیعت کر لی جو شہزادوں کا بڑا آدمی اور مملکت میں یکتا تھا اور وہ اس کے اور اس کی قوم بنی مرین کے ساتھ کوچ کر گیا اور تلمسان اور اس کے حالات سے واقف ہو گیا اور مغرب کی طرف لوٹتے ہوئے راستے میں اسے قتل کر دیا [illegible] اور سلطان ابوحمو تلمسان کی طرف واپس آ گیا اور اپنے دارالحکومت میں ٹھہر گیا اور عبداللہ بن مسلم اس کے پاس چلا گیا تو اس نے اسے [illegible] اور اس کی خوبی کی [illegible] تو اس نے قربت کی اور وہ اس کی حکومت پر قابض ہو گیا جیسا کہ ہم بیان کریں گے یہاں تک کہ فوت ہو گیا۔ والبقاء للہ وحدہ

فصل

عبداللہ بن مسلم کے اپنی عملداری درعہ سے آنے اور بنی مرین کی حکومت سے ابوحمو تک وہاں قیام کرنے اور اس کے اسے وزارت دینے کے حالات اور اس کی اولیت اور انجام کے واقعات

عبداللہ بن مسلم بنی زردال کے سرداروں میں سے تھا جو بنی عبد الواد کے بنی [illegible] کے بھائی ہیں اور بنی زردال اپنی قسمت کی وجہ سے بنی عبد الواد میں شامل ہو گئے ہیں اور ان کے نسب کے ساتھ خلط ملط ہو گئے ہیں۔

عبداللہ بن مسلم اور عبداللہ بن مسلم نے سلطان ابوتاشفین کے عہد میں [illegible] کی لقامت میں پرورش پائی اور شجاعت

دو بیری میں بہت شہرت رکھتا تھا جس کی وجہ سے تلمسان کے محاصرے میں اس کا بہت چرچا ہوا اور جب سلطان ابوالحسن بنی عبدالواد پر غالب ہوا اور ان سے ان کی حکومت چھین لی تو انہیں مقدم بنایا اور وہ ان میں رہ لیا اور بہادر آدمیوں کو منتخب کرتا تھا اور انہیں مغرب کی سرحدوں پر بھیجا کرتا تھا اور جب بنو عبدالواد نے چھیڑ چھاڑ کی اور یہ عبداللہ اس کے پاس سے گزرا تو اس کے سامنے اس کا حال اور اس کی جنگ کی تعریف کی گئی تو اس نے اسے درعہ بھیج دیا اور وہاں کے گورنر کو اس کے متعلق وصیت کی اور اس نے عرب خارجیوں کے ساتھ اپنی جنگوں میں مشغول رہا۔ جس کی وجہ سے اس سے لا پرواہی برتی اور بہادروں کی اچھی شہرت نے اسے اوپر اٹھایا اور سلطان کے ہاں اس کا مقام بڑھ گیا اور اس نے اسے اپنی قوم کا نمبردار بنا دیا اور جب قیروان میں سلطان ابوالحسن پر مصیبت پڑی اور مغرب کا معاملہ خراب ہو گیا اور ابوعنان نے حکومت پر قبضہ کر لیا اور تلمسان میں اس کی بیعت ہوئی تو بنی [illegible] کے پوتے منصور بن ابو مالک عبدالواحد نے اس کی رفاقت کا ارادہ کیا اور سرحد ان کے حوالے کی تو اس کے ساتھ جنگ کرنے کے لئے اکٹھا کیا اور تازی میں اس کی فوج منتشر ہو گئی اور [illegible] اور اس سے جنگ کی اور عبداللہ بن مسلم بھی اس کے مددگاروں میں شامل تھا اور جب سلطان ابوعنان نے اس سے جنگ کی تو کئی روز تک ان کے درمیان لگاتار جنگ جاری رہی تو اسے وہاں بہت شہرت حاصل ہوئی اور جب اس نے دیکھا کہ ان کا محاصرہ ہو گیا ہے تو اس نے سلطان ابوعنان کے پاس جانے میں جلدی کی تو اس نے اس کی [illegible] کا اقرار کرنے پر اسے درعہ کی گورنری سونپ دی اور اس نے اس کے تمام خلافت میں خوب طاقت حاصل کی اور اس کی عملداری میں مستقل عربوں کے ساتھ اپنے تعلق کو پختہ کیا۔

ابوالفضل کی بغاوت: اور جب سلطان ابوعنان کے بھائی ابوالفضل نے اس کے خلاف بغاوت کی تو سلطان درعہ کے پہاڑوں میں سے [illegible] ابن حمیدی [illegible] کے پاس چلا گیا [illegible] اسے پکڑنے کے لئے کوئی سازش کرے تو اس نے ابن حمیدی کے ساتھ سازباز کی اور اس سے وعدہ لیا اور ان کے لئے خرچ کیا تو اس نے اس کی بات مان کر اسے اس کے سپرد کر دیا اور عبداللہ بن مسلم اسے قیدی بنا کر اس کے بھائی سلطان ابوعنان کے پاس لے گیا جس نے اسے قتل کر دیا اور جب سلطان ابوسالم نے جو اندلس کی طرف گیا تھا، جو ابوالفضل کا رفیق تھا، سلطان ابوعنان کے مرنے کے بعد مغرب پر قبضہ کیا تو معاملہ اس کے ہاتھ [illegible] تھا اس کی وجہ سے ابن مسلم کو اپنی جان کے بارے میں اس سے خوف پیدا ہوا [illegible] تو وہ اپنی [illegible] اور ریاست کو چھوڑ گیا اور اس نے اولاد [illegible] جو اس کے مستقل تھے کے ساتھ اس سے [illegible] تلمسان جانے کے بارے میں سازش کی تو انہوں نے اس کی بات مان لی اور یہ بہت سے مال اور خاندان کے ساتھ گیا اور عرب مددگاروں کے ساتھ سلطان ابوحمو کے پاس چلا گیا تو وہ اس کی آمد سے خوش ہوا اور اسی وقت سے اپنی وزارت سپرد کر دی اور اس کے ذریعے اپنی سلطنت کے نظام کو مضبوط کیا اور اسے اپنے ملک کا انتظام سپرد کر دیا پس اس کی حکومت درست ہو گئی اور اس کی اطاعت پر متفق ہو گئے اور [illegible] اپنے مغربی جبل پہاڑ میں آئے تو وہ اس کی طرف آئے اور اس کی خدمت میں لگ گئے اور اس نے انہیں تلمسان کے مواطن جاگیر میں دیئے اور ان کے اور زغبہ کے درمیان [illegible] کروائی یہاں تک کہ اس کی شان بلند ہو گئی یہاں تک کہ وہ معاملہ ہوا جس کا ہم ذکر کریں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

فصل

سلطان ابوسالم کے تلمسان پر قبضہ کرنے اور سلطان ابوتاشفین کے پوتے ابوزیان کو وہاں کا حاکم بنانے کے بعد اس کے مغرب کی طرف واپس جانے کے حالات اور اس کی حکومت کا انجام

جب مغرب کی حکومت سلطان ابو سالم کے لئے مرتب و منظم ہوگئی اور اس نے حکومت پر سے خوارج کے اثر کو مٹا دیا تو وہ اپنے باپ اور بھائی کی طرح [illegible] ہوا اور اس بات کی تحریک اسے عبداللہ بن مسلم نے [illegible] تلمسان کی طرف [illegible] اس کی عملداری کے سامنے تھا جس سے تلمسان پر قبضہ کرنے کی ٹھان لی اور [illegible] میں فاس کے باہر پڑاؤ کیا اور فوجوں کو بھیجا جو اس کے دروازوں پر پہنچیں پھر وہ خود تلمسان کی طرف گیا اور سلطان ابو حمو اور اس کے وزیر عبداللہ بن مسلم کو بھی خبر پہنچی تو انہوں نے [illegible] اور معقل [illegible] میں [illegible] اور تلمسانیوں کی ایک چھوٹی سی جماعت کے سوا سب نے ان کی بات کو قبول کیا اور یہ ان کے ساتھ [illegible] صحرا میں چلے گئے اور اس نے اپنی فوج کے ساتھ ان کے ٹھکانوں کا تعاقب کیا۔

اور جب سلطان ابو سالم [illegible] تلمسان آئے تو یہ مغرب کو پہنچ گئے اور انہوں نے وطاط [illegible] سے جنگ کی اور ان کی کھیتیوں اور چراگاہوں کو [illegible] اور ان کی آبادی کو برباد کر دیا اور سلطان ابو سالم کو ان [illegible] کی اطلاع ملی تو اسے مغرب کے [illegible] کے ان پر چڑھائی کرنے نے پریشان کر دیا اور ان کے مددگاروں میں [illegible] شہزادوں میں سے محمد بن عثمان بن سلطان ابو تاشفین بھی شامل تھا جو ابو زیان کنیت کرتا تھا اور ابو القزز کے نام سے مشہور تھا جس کے [illegible] اسے اس کام کے لئے بھیجا اور [illegible] بھی دیا [illegible] اسے ایک فوج بھی مہیا کر دی اور اسے [illegible] تلمسان میں اپنے باپ کے محل میں اتارا اور خود اپنے دارالخلافہ کی طرف واپس آ گیا اور عرب بھاگ گئے اور سلطان ابو حمو اس کے آگے آگے تھا۔

اور وہ ان کے بالمقابل تلمسان چلے گئے تو ابو زیان وہاں سے بھاگ گیا اور اس نے مشرق کے شہروں میں پناہ لے لی اور وہ اب تک وہیں مقیم ہے اور ان کے دوستوں کی قوم بنی عامر اور سوید بادیہ نشین ہیں جو زغبہ کے قبائل میں سے ہیں۔

سلطان ابو حمو اور عبداللہ بن مسلم کا تلمسان جانا اور سلطان ابو حمو اور اس کا وزیر عبداللہ بن مسلم تلمسان چلے گئے اور خالد بن عامر ان کے اس راستے میں ملنے کی توقع رکھتا تھا، وہ اپنے تمام عرب بنی عامر اور زغبہ کے ساتھ ابو زیان کی اطاعت میں نکلا تو انہوں نے دلی اور اسکرین میں ان کے ساتھ سخت مقابلہ کیا، جنگ کی یہاں تک کہ انہوں نے ان پر غلبہ پا لیا اور ان کی فوج تتر بتر ہو گئی اور وہ بنی مرین کی حکومت میں اپنی جگہ پر چلا گیا اور سلطان ابو حمو اپنے وطن کے پہاڑوں کو بنی مرین کے قبضے سے چھڑانے آیا اور اس نے بہت سے پہاڑوں کو فتح کر لیا اور ملیانہ اور مدیہ پر قابض ہو گیا پھر اس نے وہران پر چڑھائی کی اور کئی روز تک اس سے جنگ کرتا رہا اور وہ بزور قوت اس میں داخل ہو گیا اور وہاں پر اس نے بنی مرین کے بہت سے آدمیوں کو قتل کر دیا پھر اس نے المریہ اور الجزائر پر قبضہ کر لیا۔ اور وہاں سے بنی مرین کو نکال دیا تو وہ اپنے شہروں میں چلے گئے اور اس نے اپنے وطن کو سلطان ابو سالم کے ہاں بھیجا اور اس سے مصالحت کر لی اور جنگ سے باز رہے۔ یہاں تک کہ ۷۶۲ھ میں سلطان ابو سالم فوت ہو گیا اور ان کے امور مضطرب ہو گئے اور بنی مرین کے وزراء نے بنی مرین کے ملک سے تلمسان پر حملہ کرنے کی تیاری کی [illegible] اور جب ہم سلطان ابو سالم کے حالات بیان کریں گے۔ ان شاء اللہ۔

فصل

ابو زیان بن سلطان ابو سعید کے مغرب سے اپنی حکومت کی جستجو میں آنے کے حالات

اور اس کے کچھ واقعات

یہ ابو زیان محمد بن سلطان ابو سعید عثمان بن عبدالرحمن بن یحییٰ بن یغمراسن ہے اس کے چچا ابو ثابت اور ان کے وزیر یحییٰ بن داؤد کے ساتھ سعید بن ابی عمارہ نے بجایہ کی طرف جاتے ہوئے گرفتار کر لیا اور انہیں سلطان ابو عنان کے پاس لے آیا تو اس نے ابو ثابت اور اس کے وزیر کو قتل کر دیا اور اس محمد کو قید رکھا اور اسے فاس کے قید خانے میں ڈال دیا اور جب وہ فوت ہو گیا اور مغرب کی حکومت منصب وزارت کے بعد ان کے وزیر کے پاس آ گئی تو سلطان کے بھائی ابو سالم کے لئے مرتب ہو گئی تو سلطان ابو سالم نے اس پر احسان کر کے اسے قید سے آزاد کر دیا اور اسے اپنی حکومت کی مجلس میں شرفاء کے مراتب میں شامل کر دیا

اور اسے اپنے شہزادے سے مزاحمت کرنے کے لئے تیار کیا اور اس کے اور سلطان ابوحمو کے درمیان کئی قید کی سبب جنگیں اور تلمسان سے اس کے اور اس کے بعد سلطان ابو تاشفین کے پوتے ابوزیان کے واپس آنے کے بعد لڑائیوں میں گفتگو ہوئی اور اس نے جو ارادہ کیا تھا اس میں اس کی کوشش کامیاب ہوگئی اور اس ابوزیان کے بارے میں اسے امید ہوئی کہ وہ اپنے باپ کی حکومت کو مضبوط کرے گا اور اس نے دیکھا کہ یہ اس کے بارے میں اچھا کام کر رہا ہے اور یہ اس کی پارٹی بن جائے گا تو اس نے اسے آزاد کر دیا اور اسے حکومت کا امیر مقرر کیا اور اسے تلمسان کی طرف بھیجا اور یہ تازی آیا جہاں پر اسے سلطان ابوسالم کی وفات کی خبر ملی پھر ایسی باتیں اور قصے پیدا ہوئے جن کا تذکرہ ہم ان کے مقام پر کریں گے۔

عبدالحلیم کی فاس پر چڑھائی اور عبدالحلیم بن سلطان ابی علی بن سلطان ابی سعید بن یعقوب بن عبدالحق نے فاس پر چڑھائی کر دی اور بنومرین اس کے پاس اکٹھے ہو گئے اور انہوں نے جدید شہر سے جنگ کی پھر ان کی فوج منتشر ہو گئی اور عبدالحلیم تازی چلا گیا جیسا کہ ہم اس کے موقع پر اس کا ذکر کریں گے اور اس نے سلطان ابوحمو سے امید کی کہ وہ اس کے معاملے میں اس کی مدد کرے گا پس اس نے اس کے متعلق اس سے خط و کتابت کی اور اس نے اس پر شرط عائد کی کہ وہ اس کے شہزادہ ابوزیان کو گرفتار کرے تو اس نے اس کی رضامندی کے لئے اسے قید کر دیا پھر سجلماسہ کی طرف چلا گیا جیسا کہ ہم اس کا بیان کریں گے اور راستے میں اولاد حسین نے جو معقل میں سے تھے اپنے ہتھیاروں اور قبائل کے ساتھ اس سے جنگ کی۔

پس ایک دن ابوزیان نے پہرے داروں کی غفلت سے فائدہ اٹھایا اور اس کے سامنے جو گھوڑا گزرا تو اس پر چھلانگ لگا کر سوار ہو گیا اور وہ عبدالحلیم کی چھاؤنی سے اولاد حسین کے فروکش ہونے کی جگہ تک ان سے مدد مانگنے کے لئے دوڑاتے ہوئے لے گیا پس انہوں نے اسے پناہ دی اور ایک مدت تک وہ ان کے پاس رہا پھر بنی عامر کے پاس چلا گیا اور ان کے امیر خالد بن عامر کے درمیان اور سلطان ابوحمو کے درمیان جو صلح کی پالیسی تھی یہ اس پر سلطان کو ابھارنے کے لئے گیا اور یہ اسے تلمسان پر چڑھا لایا اور سلطان ابوحمو نے بھی ان کے مقابلہ میں فوج بھیجی پس اس نے انہیں تلمسان سے بھگا دیا پھر اس نے خالد بن عامر کو مال دیا کہ وہ اسے بلاد ریاح میں بھیج دے تو اس نے ایسے ہی کیا اور اس نے اسے زواودہ میں پہنچا دیا اور یہ انہی میں قیام پذیر ہو گیا۔

ابو تاشفین کے دو بیٹوں کا قتل: یہاں تک کہ اس کے دو بیٹے عثمان اور مسعود اور اس کا وزیر موسیٰ بن علی قتل ہو گئے اور اس کا دوست عبدالحق بن عثمان بن عبدالحق کے شہزادوں میں سے تھا جو مرین کے۔ وہ مددگاروں میں سے ان کے پاس آ گیا جیسا کہ ہم نے اس کی طرف اشارہ کیا ہے اس کے حالات و مفصل بیان کیا ہے پس وہ اور اس کا بیٹا اور اس کا بھتیجا ہلاک ہو گئے اور سلطان ابو تاشفین کے زخم سے بہت خون بہہ گیا جس سے وہ کمزور ہو گیا پس اس نے اسے گرفتار کر لیا اور ایک سوار اسے چھپا کر سلطان کے پاس لے گیا تو امیر ابو عبدالرحمن اسے ان جنگوں میں ملا اور اس نے اپنی جان کو جنگ کے گھمسان میں داخل کیا تو اس نے اسے روکا اور اس نے اس کی مدافعت سے آنکھ بند کر لی تھی پس اس نے اسی وقت اس کے متعلق حکم دیا اور وہ قتل کر دیا گیا اور اس کا سر کاٹ لیا گیا اور سلطان اس کے اس فعل سے ناراض ہوا کیونکہ وہ اس کو زجر و توبیخ کرنے اور اسے ٹوکنے کا خواہش مند تھا اور وہ پچھلوں کے لئے عبرت کا نشان بن گیا اور سلطان اپنی تمام فوجوں کے ساتھ شہر میں داخل ہو گیا اور لوگوں نے باب کشوطہ میں بھیڑ سے ایک طرف ہونے کی وجہ سے ایک دوسرے پر حملہ کر دیا تھا ان میں سے بہت سے لوگ مارے گئے اور شہر میں لوٹ پڑ گئی اور شہر کے بہت سے باشندوں کے اموال اور مستورات کو تکلیف پہنچی اور سلطان اپنے خواص اور مددگاروں کی جماعت کے ساتھ جامع مسجد میں گیا اور اس نے شہر کے مفتیوں ابو زید اور ابو موسیٰ کو جو امام کے بیٹے تھے اہل علم اور علم کا حق ادا کرنے کے لئے بلایا پس وہ دونوں ملاقات کے بعد اس کے پاس آئے اور لوگوں کو لوٹ مار سے جو تکلیف پہنچی تھی اس کے متعلق اسے بتایا۔ نیز اسے نصیحت کی پس اس نے اپنی فوجوں کو رعیت سے روکا اور ان کے ہاتھوں کو فساد سے روکا اور جدید شہر میں اپنے پڑاؤ میں واپس آ گیا اور مکمل فتح حاصل ہو گئی اور اس روز مغرب میں چھا گئیں تھیں؛ بادشاہ سلطان ابو یحییٰ اور عہد زمانہ کا ایلچی ملا تو سلطان نے اسے اس کے بھیجنے والے کے پاس جلد خبر دے کر بھیجا اور وہ اس کے بعد تیونس سے بھی آگے چلا گیا اور وہ یہ فتح سے تیرہویں رات تونس میں داخل ہوا پس سلطان ابو یحییٰ کو اپنے دشمن کے مرنے اور اس سے انتقام لینے کی بہت خوشی ہوئی اور اس نے اپنی مصالحت میں اضافہ کیا اور سلطان ابو الحسن نے اپنے دشمن بنی عبدالواد کا قتل موقوف کر دیا اور جس نے ان کے سلطان کے قتل سے اپنے دل کو ٹھنڈا کیا اور انہیں معاف کر دیا اور رجسٹر میں ان کے نام لکھے اور ان کے عطیات مقرر کئے اور اس نے ان کے جھنڈوں اور مرکز کو پیچھے چلایا اور بنی مرین میں سے بنی راشد اور بنی عبدالواد اور توجین اور بقیہ زناتہ کو جمع کیا اور انہیں بلاد مغرب میں اتارا اور اس نے ان میں سے ہر فریق کے ذریعے اپنے مفتوحہ سرحد کو بند کیا اور وہ اس کے جھنڈے کے جماعت در جماعت ہو کر چلے اور اس نے ان میں سے کچھ لوگوں کو بلاد قیادہ اور سوس کی جانب اتارا اور ان میں سے کچھ اس کی مکمل وادی اندلس میں محافظ اور پہرے دار بن کر چلے گئے اور اس کے مددگاروں میں شامل ہو گئے اور دین کی حکومت کا بازو وسیع ہو گیا اور وہ دو مرتبہ اپنا ملک ہونے کے بعد زناتہ کا ملک بن گیا اور وہ مغرب کا سلطان ہونے کے بعد دونوں کناروں کا سلطان بن گیا۔

فصل

متیجہ میں امیر عبدالرحمن کی معصیت اور سلطان کے اسے گرفتار کرنے اور بالآخر اس کے ہلاک ہونے کے حالات

قبل ازیں ہم بیان کر چکے ہیں کہ سلطان ابو سعید نے موحدین سے یہ شرط طے کی تھی کہ وہ اس کی فوجوں کے ساتھ تلمسان سے جنگ کریں گے اور سلطان ابوالحسن سلطان ابو یحییٰ کے اقتدار میں اسی حالت میں ٹھہرا رہا۔ جب اس نے دوسری بار اپنی فوجوں کے ساتھ تلمسان سے جنگ کی تو اس نے اس سے یہ مطالبہ کیا اور ابو محمد بن تافراکین اس کے پاس آتا تھا جب کہ وہ تلمسان کے محاصرہ میں اپنے بیٹے کو بھی اپنا حق ادا کر رہا تھا اور ان کے دشمن کا انجام معلوم کر رہا تھا یہاں تک کہ وہ تلمسان پر غالب ہو گیا تو اس کے سفیر ابو محمد بن تافراکین نے اسے خفیہ طور پر بتایا کہ اس کا سلطان اس کی ملاقات کرنے اور اپنے دشمن پر فتح پانے کی مبارک باد دینے کے لئے اس کے پاس آ رہا ہے اور سلطان ابوالحسن چونکہ فخر کا دلدادہ تھا اس لئے وہ اس کی طرف دیکھنے لگا اور اس نے ۷۳۷ھ میں تلمسان سے کوچ کیا اور سلطان ابو یحییٰ کی آمد کے انتظار میں متیجہ میں پڑاؤ کر لیا اور سلطان نے اس میں کمی کوتاہی کی کیونکہ اس کی حکومت کے متصرف محمد بن عبد الحکیم نے اسے اس کے انجام سے ڈرایا تھا اور اس نے اس کو کہا تھا کہ بادشاہوں کی ملاقات اسی وقت درست ہوتی ہے جب ان میں سے ایک دوسرے پر غالب ہو۔ پس سلطان نے اس بات کو ناپسند کیا اور سستی کرنے لگا اور اس وعدے کے انتظار میں جو محمد بن تافراکین نے اسے بتایا تھا سلطان ابوالحسن کا قیام طویل ہو گیا اور وہ کئی دن تک اس کی ملاقات سے معذرت کرتا رہا اور اپنے خیمے میں بیمار ہو گیا اور چغل خوروں نے اس کی وفات کے متعلق گفتگو کی اور اس کے دونوں بیٹے امیر ابو عبدالرحمن اور ابو مالک جو اپنے دادا ابو سعید کے زمانے سے ہی اس کی ولی عہدی کے بارے میں ایک دوسرے سے مقابلہ کرتے تھے اور سلطان نے اپنی حکومت کے آغاز سے ہی ان دونوں کو امارت کے القاب دیئے تھے اور انہیں وزراء اور کاتب بنا دیئے اور علامت لگانے اور دستخط کرنے اور عطیات دینے اور سواروں سے الحاق کرنے اور لشکروں کو تیار کرنے کا کام سپرد کیا تھا اور اس بارے میں دونوں کا ایک طریق تھا اور اس نے ان کے لئے اوامر سلطانی کی تنفیذ کے لئے الگ بیٹھنے کی جگہ مخصوص کی تھی اور اس طرح اس کی سلطنت میں ان کے مددگار تھے اور جب سلطان کی تکلیف میں اضافہ ہو گیا تو ان دونوں امیروں کے درمیان جنگ کے آلات کا چلنا پھرنا شروع ہو گیا اور جھگڑنے والوں نے ان کے لئے دو پارٹیاں بنا لیں اور ان میں سے ہر ایک نے ان کو تقسیم کیا اور پارٹیاں بن گئے اور امیر عبدالرحمن نے اپنے وزراء کے اکسانے پر قبل اس کے کہ سلطان کا حال اسے معلوم ہو امارت پر حملہ کرنے کی ٹھان لی اور

سلطان کے خواص کو بھی یہ بات معلوم ہو گئی پس انہوں نے اسے اس کی اطلاع دی اور معاملے کے بگڑنے سے قبل اسے لوگوں کے پاس جانے پر اکسایا پس وہ اس کے خیمے میں گیا اور وزراء نے بھی اس کے متعلق سن لیا تو انہوں نے اس کی مجلس میں اور اس کے ہاتھ چومنے میں اژدحام کیا اور اس نے ان کے بدگمان لوگوں کو گرفتار کر لیا اور وزراء نے بھی اس بات کو سن لیا پس اس نے انہیں قید خانے میں ڈال دیا اور دونوں امیروں سے ناراض ہوا اور لوگ ان دونوں کے پڑاؤ سے کوچ کر گئے اور اس نے ان دونوں کو اپنے پڑاؤ میں لوٹا دیا پھر وہ اپنے خیمے کی طرف لوٹا تو دونوں امیروں کو شک پڑ گیا اور انہوں نے خاموشی اختیار کر لی اور ان دونوں کے فتنہ کی آگ بجھ گئی اور مفسدین کی کوشش ناکام ہو گئی اور لوگ ان دونوں سے الگ ہو گئے پس امیر عبدالرحمٰن کے ڈر میں اضافہ ہو گیا اور وہ اپنے خیموں سے سوار ہوا اور رات کو چلا گیا اور صبح کو اولاد علی جو اولاد حمزہ میں رہنے والے زغبہ کے امراء ہیں ان کے اترنے کی جگہ پہنچ گیا پس ان کے امیر موسیٰ بن ابو الفضل نے اسے پکڑ لیا اور اسے اس کے باپ کی طرف واپس کر دیا اور اس نے اسے وہران میں قید کر دیا اور اپنے خواص میں سے اس کی حفاظت پر جاسوس مقرر کئے یہاں تک کہ بعد میں اس نے اسے ۷۹۱ھ میں قتل کر دیا اور اپنے خواص میں سے اس کی حفاظت پر جاسوس مقرر کئے یہاں تک کہ بعد میں اس نے اسے ۷۹۱ھ میں قتل کر دیا اس نے وہران پر حملہ کر دیا تو اس نے اسے قتل کر دیا اور سلطان نے اپنے حاجب عثمان بن محمد کو بھیجا تو اس نے اسے مار دیا اور اس کا وزیر یحییٰ بن عمر وطاسی مفسدین سے جا ملا اور انہوں نے اسے پناہ دے دی اور جس روز ابو عبدالرحمٰن اپنے بھائی ابو مالک سے الگ ہوا سلطان اس کی صبح کو اس سے راضی ہو گیا اور اسے اپنی مملکت کی سرحد اندلس پر امیر مقرر کیا اور اسے وہاں بھیج دیا اور تلمسان کی طرف واپس آ گیا۔

فصل

ابن حیدور کے خروج کرنے اور ابو عبدالرحمٰن سے تلبیس کرنے کے حالات

جب سلطان نے اپنے بیٹے عبدالرحمٰن کو گرفتار کیا اور اسے قید خانے میں ڈال دیا تو اس کی مستورات اور خواص منتشر ہو گئے اور جہات میں مضطرب اور پریشان ہو گئے اور اس کے شیعہ سے ایک آدمی ظاہر ہو گیا جو ابن حیدور کے نام سے مشہور تھا اور اس کی شکل اس سے ملتی جلتی تھی وہ زغبہ کے بنی عامر سے جا ملا جو ان دنوں اطاعت سے منحرف اور حکومت کے باغی تھے کیونکہ سلطان اور اس کے باپ نے امیر سوید عریف بن یحییٰ کو جب سے وہ ابو تاشفین کو چھوڑ کر ان کے پاس آیا تھا منتخب کر لیا تھا پس انہوں نے منافقانہ طریقوں کو اپنایا اور منافقت کا لباس پہنا اور جنگلوں میں چلے گئے اور ان دنوں ان کی امارت صغیر بن عامر اور اس کے بھائیوں کے پاس تھی اور سلطان نے ونزمار کو جو اس کے دوست عریف کا بیٹا تھا ان کے ساتھ جنگ کرنے پر مقرر کیا اور وہ ان دونوں بدوؤں کا سردار تھا پس اس نے ان کے لئے تیاری کی اور ان کی تلاش میں سرگرم ہوا اور وہ اس کے

آگئے تھے اور بھاگ گئے اور اس نے کئی بار ان پر حملے کئے تو انہیں اس جابر کے پاس لے گیا اور اس نے ان کے سامنے اپنا نسب سلطان ابو الحسن کے ساتھ بیان کیا اور یہ کہ وہ اس سے الگ ہو جانے والا اس کا بیٹا عبدالرحمن ہے پس انہوں نے اس کی بیعت کر لی اور انہوں نے اس کے ساتھ الریف کے نواح پر حملہ کر دیا اور اس کا قائد مجاہد ان کے مقابلہ میں نکلا تو انہوں نے اس کی فوج کو منتشر کر دیا اور وہاں کے آگے شکست کھا گیا۔ پھر جابر نے ان کے لئے تیاری کی اور انہوں نے ان کے نواح کی [illegible] کر دی اور ان کی بیعت پریشان ہو گئی اور انہوں نے اس جابر کے عہد کو توڑ دیا تو وہ منداد کے بنی یاتن کے پاس چلا گیا اور ان کی جگہ [illegible] کے پاس اترا تو اس نے اس کی سرداری لے لی اور ان کے بیٹوں نے بنی عبدالصمد میں سے اپنی قوم کو اس کی اطاعت پر آمادہ کیا اور لوگوں میں اس کی خبر مشہور ہو گئی کوئی اس کی تصدیق کرتا اور کوئی اس کی تکذیب کرتا تھا یہاں تک کہ وہ واضح ہو گئی اور لوگوں کو معلوم ہو گیا کہ اس نے [illegible] میں تہمت لگائی ہے پس انہوں نے اس سے عہد کو توڑ دیا اور وہ ریاح کے [illegible] کے پاس چلا گیا اور ان کے سردار یعقوب بن علی کے پاس اترا اور اس کے سامنے بھی اسی طرح اپنا نسب بیان کیا تو اس نے اس کے حسب نسب کی تکذیب کرنے پر [illegible] اور سلطان نے سلطان ابو یحییٰ حاکم افریقیہ کو اس کے حال کے متعلق اشارہ کیا تو اس نے یعقوب کی طرف پیغام بھیجا اور اس نے اسے [illegible] سلطان کی طرف [illegible] بھیج دیا [illegible] پاس پہنچا تو سلطان نے اس کو [illegible] کر دیا اور ان کی [illegible] کا قلع قمع ہو گیا اور وہ مغرب میں حکومت کے وظیفے پر مقیم رہا یہاں تک کہ ۷۵۸ھ میں فوت ہو گیا۔

سلطان کا عزم جہاد جب سلطان اپنے دشمن کے معاملے اور اس سے تعلق رکھنے والے احوال سے فارغ ہو گیا تو اس نے جہاد کا عزم کر لیا کیونکہ وہ اس کا بہت دلدادہ تھا اور [illegible] جب سے یعقوب بن عبدالحق کے عہد سے [illegible] جہاد سے غافل ہو گیا تھا [illegible] مسلمانوں پر غالب آ گئے تھے اور انہوں نے ان کے بہت سے قلعوں [illegible] اور ان میں سے بہت سے شہروں پر قبضہ کر لیا اور جبل کو چھین لیا اور انہوں نے سلطان ابو الولید سے اس کے [illegible] میں اس سے جنگ کی اور اس پر [illegible] تو اس نے قبول کیا اور وہ [illegible] کے مسلمانوں کو [illegible] کے لئے گئے [illegible] جب سلطان ابو الحسن اپنے دشمن کے معاملے سے فارغ ہو گیا اور اس کا ہاتھ دوسرے ہاتھوں سے [illegible] ہو گیا اور اس کی حکومت کا دائرہ وسیع ہو گیا تو اس نے دل میں [illegible] اور اس نے اپنے بیٹے امیر ابو مالک کو جو کہ اس کی سرحدوں کا امیر تھا ۷۳۳ھ میں دار الحرب کی طرف جانے کا اشارہ کیا اور اپنے [illegible] سے اس کے پاس فوج بھیجی اور [illegible] اس کے پاس [illegible] فوج [illegible] بڑی جماعت اس کے لشکر میں [illegible] گیا۔

امیر ابو مالک کا طاغیہ کے علاقے میں دور تک چلے جانا اور وہ طاغیہ کے علاقے میں دور تک چلا گیا اور اسے روند دیا اور [illegible] کے ساتھ ان کے علاقے [illegible] پر چڑھائی کی [illegible] اطلاع [illegible] کہ نصاریٰ نے اس کے لئے تیاری کی ہے اور وہ اس کے [illegible] میں [illegible] تھا اور سرداروں نے اسے ان کے علاقے [illegible] سے پیچھے جانے کا مشورہ دیا جو دار الاسلام اور دار الحرب کے درمیان حد فاصل [illegible] مسلمانوں کے شہروں میں [illegible] اس نے شب کے پچھلے پہر [illegible] کو [illegible] کر لیا اور وہ ایک [illegible] قدم [illegible] میں عبادت [illegible] تھا [illegible] نے ان کے

سوار ہونے یا واپس کے بارے میں ان سے گفتگو کرنے سے قبل ہی ان کے لشکروں میں ان پر حملہ کر دیا اور امیر ابو مالک اپنے گھوڑے پر ٹھیک طور پر بیٹھنے سے قبل ہی زمین پر گر پڑا تو انہوں نے اسے زمین پر قتل کر دیا اور اس کی قوم کے بہت سے آدمیوں کو قتل کر دیا اور چھاؤنی میں ان کے اور مسلمانوں کے جو اموال تھے انہوں نے انہیں جمع کر لیا اور اپنے وطن کے قلعوں میں چلے گئے اور سلطان کو اپنے بیٹے کی ہلاکت کی اطلاع ملی تو وہ دردمند ہوا اور اس نے اس کے لئے رحم کی دعا کی اور راہ خدا میں اس کے مارے جانے کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے اس کے اجر کی امید کی اور خود جہاد کے لئے فوجوں کے بھیجنے اور بحری بیڑوں کے تیار کرنے میں مشغول ہو گیا۔

بحری بیڑوں کی تیاری کے لئے وزراء کی روانگی: جب سلطان کو اپنے بیٹے کے شہید ہونے کی اطلاع ملی تو اس نے اپنے وزراء کو بحری بیڑوں کی تیاری کے لئے سواحل کی طرف بھیجا اور عطیات کا دروازہ کھول دیا اور فوجوں سے علاقوں کی کمزوریوں کو دور کیا اور اہل مغرب کو جمع کیا اور اموال جہاد میں حصہ لینے کے لئے سبتہ کی طرف کوچ کر گیا اور نصرانی قوموں نے یہ بات سن لی تو وہ بھی اس کی مدافعت کے لئے تیار ہو گئے اور طاغیہ نے سلطان کو عبور کرنے سے روکنے کے لئے اپنا بحری بیڑا آبنائے جبرالٹر کی طرف بھیجا اور سلطان نے کنارے کی بندرگاہوں سے مسلمانوں کے بحری بیڑوں کو برانگیختہ کیا اور سوسہ تک کو پیغام بھیجا کہ وہ اپنے بحری بیڑے سمیت اس کے پاس پہنچیں تو انہوں نے زید بن فرعون کو جو ان کی حکومت کا پروردہ تھا بجایہ کے بحری بیڑے کا سالار مقرر کیا اور افریقہ کے سواحل کے بحری بیڑوں کے ساتھ سبتہ آیا جن میں طرابلس، قابس، جربہ، تونس، بونہ اور بجایہ کے بحری بیڑے شامل تھے سبتہ کی بندرگاہ پر سو سے زیادہ مشرق و مغرب کے بحری بیڑے آ گئے اور سلطان نے محمد بن علی کو ان کا سالار مقرر کیا جو سبتہ کی فتح کے دن سے اس کا حاکم تھا اور اس نے اسے آبنائے جبرالٹر میں نصاریٰ کے بحری بیڑوں سے جنگ کرنے کا حکم دیا اور ان کی تعداد اور تیاری مکمل ہو گئی تب انہوں نے زرہیں پہن لیں اور اچھی طرح ایک دوسرے کی مدد کی اور نصاریٰ کے بحری بیڑے کی طرف بڑھے اور تکبیر و تہلیل سے پھر انہوں نے بحری بیڑوں کو ایک دوسرے کے قریب کیا اور انہیں میدان کارزار کے ساتھ ملا دیا اور ابھی تھوڑی دیر ہی گزری تھی کہ فتح کی ہوا چلنے لگی اور اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو ان کے دشمن پر کامیابی عطا فرمائی اور انہوں نے اپنے بحری بیڑوں میں ان سے میل ملاپ کیا اور انہیں تلواروں اور نیزوں سے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور ان کے اعضاء کو سمندر میں پھینک دیا اور ان کے سالار ملجوم کو بھی قتل کر دیا اور ان کے بحری بیڑوں کو غنیمت بنا کر سبتہ کی بندرگاہ کی طرف لے آئے اور لوگ ان کو دیکھنے کے لئے باہر نکلے اور ان کے بہت سے سرداروں کو شہر کی اطراف میں گھمایا گیا اور قیدیوں کی بیڑیاں دارالانشاء میں ترتیب سے رکھی گئیں اور بڑی فتح حاصل ہوئی اور سلطان مبارک باد کے لئے بیٹھا اور شعراء نے اس کے سامنے قصیدے پڑھے اور وہ دن بڑی عزت والا دن تھا اور احسان کرنا اللہ کا کام ہے۔

فصل

جنگ طریف اور مسلمانوں کی آزمائش کے حالات

جب مسلمانوں نے نصاریٰ کے بحری بیڑے پر فتح پائی اور سمندر میں مقابلے کے بارے میں ان کی قوت کو توڑ دیا تو سلطان [illegible] کی راہ اور [illegible] کی فوجوں کو بھیجنے میں مشغول ہو گیا اور ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک بحری جہازوں کی ایک زنجیر بن گئی اور جب فوجوں کی روانگی مکمل ہو گئی تو وہ خود [illegible] اپنے خواص اور اہل دیوان کے ساتھ روانہ ہوا اور طریف کے میدان میں اترا اور وہاں اس نے قلعے کا محاصرہ کیا اور وہیں کی فوج ان کے گرد میں حرکت کرنے لگی اور طاغیہ نے اس سے جنگ کا ارادہ کیا اور سلطان ابو الحجاج بن سلطان ابو الولید نے اندلس کی فوج جمع کی اور زناتہ کے غازیوں اور سرحدوں کے قلعوں اور صحرائی مجاہدوں سے تیاری کی تھی کے ساتھ اس سے ملاقات کی پس انہوں نے اس کے پڑاؤ کے بالمقابل پڑاؤ کر لیا اور طریف کو ایک مستقل طریقے سے گھیر لیا اور اس پر کئی قسم کی منجنیقیں مسلط کیں اور وہاں پر آلات نصب کئے اور طاغیہ نے ایک اور بحری بیڑہ تیار کیا جس سے اس نے آبنائے جبرالٹر کو روک لیا تا کہ پڑاؤ کی ضروریات کی چیزیں نہ ملیں اور طریف کے محاصرہ میں ان کو تنگی محسوس ہو گئی اور ان کے [illegible] ختم ہو گئے اور انہوں نے [illegible] کی کامیابی کے آثار [illegible] اور چھاؤنی کے حالات مختلف ہو گئے۔

طاغیہ کا نصرانی قوموں کو جمع کرنا اور طاغیہ نے نصرانی قوموں کو جمع کیا اور اشبیلیہ اور غرب اندلس کے حاکم پرتگال نے بھی اس کی مدد کی پس وہ اپنی قوم کے ساتھ اس کے پاس آیا اور وہ اپنے لشکروں [illegible] ان کی طرف روانہ ہوا اور جب اس کی چھاؤنی قریب آ گئی تو اس نے طریف کی طرف نصاریٰ کی ایک فوج بھیجی جسے اس نے وہاں بھیجا تھا کیونکہ وہ چوکیداروں کی غفلت کے وقت اس میں رات کو داخل ہو گئے اور رات کے آخری حصے میں انہیں ان کے متعلق علم ہو گیا تو انہوں نے [illegible] ان پر حملہ کر دیا [illegible] اور ان میں سے کافی تعداد کو قتل کر دیا اور انہوں نے سلطان کی [illegible] کے خوف سے اس سے یہ بات چھپائی کہ ان کے سوا کوئی آدمی شہر میں داخل نہیں ہوا اور دوسرے دن طاغیہ اپنی فوجوں کے ساتھ روانہ ہوا اور سلطان نے مسلمانوں کے دستوں کو صف بستہ کیا اور انہوں نے حملہ کیا اور جب جنگ [illegible] تو شہر [illegible] لشکر نکل آیا اور چھاؤنی کی طرف چلا گیا اور سلطان کے خیمے کی طرف گیا اور جو تیر انداز اس کی حفاظت پر مقرر تھے انہوں نے شکست کھائی [illegible] انہوں نے [illegible] کو قتل کر دیا [illegible] عورتوں نے [illegible] آپ سے بچایا تو انہوں نے عورتوں کو قتل کر دیا اور وہ سلطان کی بیویوں [illegible] عائشہ بنت [illegible] یعقوب اور فاطمہ بنت سلطان ابو یحییٰ شاہ افریقہ اور دیگر لونڈیوں کی طرف گئے اور انہیں قتل کر دیا اور انہیں لوٹ لیا اور دیگر خیموں کو بھی لوٹ لیا اور

پڑاؤ کو آگ سے جلا دیا اور مسلمانوں کو اپنے بیٹوں کے پیچھے جو فوج موجود تھی اس نے متعلق یہ خیال کیا تو ان کے میدان میں مقابلہ ہو گی اور وہ اپنی ایڑیوں کے بل پھر گئے [illegible]۔ پس ابن سلطان نے اپنی قوم اور بنو عبد الواد کے ایک گروہ کے ساتھ ان سے جنگ کا پختہ ارادہ کیا یہاں تک کہ وہ ان کی صفوں میں جا ملا انہوں نے اس کا محاصرہ کر لیا اور اسے گرفتار کر لیا اور سلطان مسلمانوں کے ایک گروہ کی طرف مائل ہوا اور بہت سے غازی شہید ہو گئے اور طاغیہ سلطان کے خیمہ میں گھس گیا اور اس نے عورتوں اور بچوں کو قتل و ذبح کیا اور اپنے بلاد کی طرف پلٹ آیا اور ابن الاحمر غرناطہ چلا گیا اور سلطان الجزیرہ کی طرف چلا گیا پھر جبل کی طرف گیا پھر کشتی پر سوار ہو کر رات کو سبتہ چلا گیا اور اللہ نے مسلمانوں کی آزمائش کی اور ان کے ثواب میں اضافہ کیا۔

طریف سے طاغیہ کی واپسی: جب طاغیہ طریف سے واپس آیا تو اس نے اندلس میں مسلمانوں پر جرأت کی اور ان کے ملکوں کی خواہش کی اور [illegible] قلعہ بنی سعید سے جو غرناطہ کی سرحد تھا اور وہاں سے ایک دن کی مسافت پر ہے جنگ کی اور [illegible] کے لئے [illegible] یہاں تک کہ انہیں بھوک کی مشقت برداشت کرنی پڑی تو انہوں نے ۷۴۲ھ میں اس کے حکم پر تسلیم کر لیا اور اللہ تعالیٰ نے طاغیہ پر [illegible] اور وہ اپنے [illegible] چلا گیا اور سلطان ابو الحسن جب سبتہ گیا تو اس نے دوبارہ جہاد کرنے کے لئے اندلس کی طرف واپس جانے کے لئے اپنے آپ کو تیار کیا اور شہروں میں لوگوں کو جمع کرنے کے لئے آدمی بھیجے اور اس نے اپنے بیٹوں کو بحری بیڑوں کی تیاری کے لئے سواحل کی طرف بھیجا یہاں تک کہ بحری بیڑے کی خاص تعداد مکمل ہو گئی پھر وہ سبتہ سے [illegible] کے لئے [illegible] گیا اور اس نے اپنے وزیر عسکر بن [illegible] کے ساتھ اپنی فوجوں کو [illegible] کی طرف آگے بھیجا اور وزیر کے قرابت داروں [illegible] سے [illegible] حضرت [illegible] جانے [illegible] اور [illegible] کے ساتھ کچھ فوجیں مدد کے لئے الجزیرہ بھیجی اور طاغیہ کو اس کی اطلاع مل گئی تو اس نے اپنے بحری بیڑے سے [illegible] اور ان کی مدافعت کے لئے اسے آبنائے جبل الطارق میں لے گیا اور بحری بیڑوں کی جنگ ہوئی اور اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی آزمائش کی اور ان میں سے بہت سے لوگ شہید ہو گئے اور طاغیہ کا بحری بیڑہ آبنائے جبل الطارق پر غالب آ گیا اور مسلمانوں کی بجائے انہوں نے اس پر قبضہ کر لیا۔

اشبیلیہ سے طاغیہ کی آمد: اور طاغیہ تمام فوجوں کے ساتھ اشبیلیہ سے آیا اور انہیں جزیرہ خضراء میں [illegible] مسلمانوں نے بحری بیڑوں کی مدد [illegible] اور [illegible] طاغیہ کے ساتھ [illegible] طریف کے ساتھ [illegible] کی شکست [illegible] کرنے کی خواہش کی اور اس نے [illegible] کے ساتھ جنگ کرنے پر اتفاق کیا اور اس کا طویل محاصرہ کیا اور چھاؤنی والوں نے طویل قیام کے لئے لکڑی کے گھر بنا لئے اور سلطان ابو الحجاج اندلسی فوجوں کے ساتھ آیا اور طاغیہ کو روکنے کے لئے جبل الفتح کے بالمقابل [illegible] اور سلطان ابو الحسن نے سبتہ میں اپنی جگہ پر [illegible] تاکہ اسے رات کو [illegible] اور بحری بیڑوں کے [illegible] کی مدد بھیجی مگر اس بات نے انہیں کوئی فائدہ نہ دیا اور ان کا محاصرہ سخت ہو گیا اور انہیں تکلیف نے آ لیا اور سلطان ابو الحجاج طاغیہ کی اجازت سے صلح کے بارے میں اس سے گفتگو کرنے کے لئے گیا طاغیہ نے اس سے [illegible] کرنے [illegible] اسے یہ اجازت دی تھی اور اس نے ایک بحری بیڑے [illegible]

میں اس کی نگرانی پر لگا دیا تھا مسلمانوں نے بڑی بے جگری کے ساتھ ان سے جنگ کی اور بھوک کے پھندے کے بعد ساحل کی طرف نکل آئے اور الجزیرہ اور وہاں جو سلطان کی فوجیں تھیں ان کے حالات خراب ہو گئے اور انہوں نے شہر سے دست بردار ہونے کی شرط پر طاغیہ سے امان طلب کی تو اس نے انہیں امان دے دی اور وہ شہر سے نکل گئے تو اس نے ان سے اپنا عہد پورا کیا اور جو کچھ ان سے معاہدہ کیا تھا انہیں اس کا معاوضہ دے دیا اور انہیں طنجہ میں اتار دیا اور ان کو وہ کچھ دیا جس کا لوگوں میں چرچا ہوا اور اپنے وزیر عسکر بن تاحضریت کو محاصرہ جاری رکھنے کے معاملہ میں کوتاہی کرنے پر گرفتار کر لیا اور سلطان اس یقین پر اپنے دارالخلافہ فاس واپس آ گیا کہ اللہ کا امر غالب ہو گا اور وہ دین کو سر بلند کرنے اور دوبارہ غلبہ دینے کے وعدے کو پورا کرے گا۔

عثمان بن ابی العلاء: آل عبد الحق کے قرابت داروں میں سے عثمان بن ابی العلاء اندلس میں رہتا تھا اور یہ بربری مجاہد غازیوں کا لیڈر تھا اور اسے اندلس میں سرحدوں کی حفاظت کرنے، دشمن کی مدافعت کرنے، دار الحرب سے جنگ کرنے اور حاکم اندلس کے ساتھ جہاد میں حصہ لینے کی وجہ سے ایک خاص مقام حاصل تھا جیسا کہ ہم اس کے حالات کو تفصیل سے بیان کریں گے اور جب سلطان ابوسعید نے اہل اندلس سے مدد مانگی تو ان میں سے جو مقام حاصل تھا اس کی وجہ سے اس نے معذرت کی اور ان پر شرط عائد کی کہ وہ جہاد کو ترک نہ کریں اور اسے اپنی قیادت دے دیں مگر انہوں نے اس کی حاجت کو پورا کیا اور جب عثمان بن ابی العلاء وفات پا گیا تو اس کے بعد جہاد کے مراسم کو اس کے بیٹوں نے سنبھالا اور وہ ریاست میں اپنے بڑے بھائی ابو ثابت کی طرف رجوع کرتے تھے اور غلاموں اور لے پالک لوگوں سے ان کی پارٹی مضبوط ہو گئی جس نے سلطان کے ہاتھ پر قبضہ کر لیا اور اکثر حالات میں وہ اس سے بے قابو ہو گئے اور اس نے ان سے بدلہ لیا اور ابو ثابت نے اسے سلطان ابوالحسن کے پاس جانے پر آمادہ کر لیا اور ابوالعلاء کے بیٹے اس کے وہاں ہونے سے پریشان ہو گئے اور انہوں نے اپنے بارے میں اس پر تہمت لگائی اور باوجود ناپسندیدگی کے اس نے انہیں جبل کے ساتھ جنگ کرنے پر مجبور کیا اور جب مسلمانوں نے اس پر قبضہ کر لیا اور ابن الاحمر نے طاغیہ کی محبت سے اس کی جو موافقت کی ہوئی جیسا کہ ہم اسے بیان کر چکے ہیں۔

اور اس نے اپنے دار الحکومت کی طرف واپس جانے کا عزم کر لیا اور انہوں نے راستے میں اس پر حملہ کرنے کی ٹھان لی اور اس بارے میں انہوں نے اس کے غلام زیان بن ابی طریف سے سازش کی کیونکہ اس نے اپنی اصلاح کی تیزی سے ان کو درد مند کیا تھا اور ان کی عادات کے بارے میں ان پر تنگی وارد کی تھی انہوں نے اس سے وعدہ کر لیا اور کینہ توزی پر متفق ہو گئے اور جب انہوں نے ابوالعلاء کا میلان اس کی طرف پایا تو اسے قبول کرنے کو دوڑے اور محمد بن الاحمر نے انہیں چوکنا کر دیا اور اس نے منتظروں کو اسے راستے میں روکنے کے لئے بھیجا اور انہیں وراثت کی اور وہ اس کے گزرنے سے پہلے ہی اپنے کام کے لئے دوڑ گئے اور انہوں نے اسے قصر الحلو سے وہیں ہی پکڑ لیا اور اسے عتاب کیا تو وہ رضا مندی طلب کرنے لگا اور انہوں نے اس سے سخت گفتگو کی اور انہوں نے اس کے غلام زہیر کو جو عطیات کے دفتر کا انچارج تھا اس پر زیادتی کرتے ہوئے اسے قتل کر دیا۔

سلطان کا قتل: اور سلطان نے ان پر شدت سے ہاتھ اٹھایا تو انہوں نے اسے تیر اور نیزے سے مار مار کر قتل کر دیا اور پڑاؤ کی طرف واپس آ گئے اور جن غلاموں کے ساتھ انہوں نے سازش کی تھی انہیں بلایا اور وہ اس کے بھائی ابوالحجاج بن یوسف بن

ابوالعلاء کے بیٹے آئے تو انہوں نے اس کی بیعت کی اور اس کی خدمت پر قائم رہے۔ [illegible] اور اس نے اسی وقت اپنے قائد ابن عزون کو بھیجا تو اس نے اس کی خاطر ان کے دارالخلافہ پر قبضہ کر لیا اور ان کا کام مکمل ہو گیا اور ان کے باپ کے غلام رضوان نے اسے روکا اور وہ اس سے بے قابو ہو گیا اور اس کے دل میں ابوالعلاء کے بیٹوں کے متعلق کہ انہوں نے اس کے بھائی کو قتل کیا ہے کینہ پیدا ہو گیا یہاں تک کہ جب سلطان ابوالحسن جریدہ کی طرف گیا اور اس نے اپنی عملداری کی سرحدوں پر فتح حاصل کی اور اپنے بیٹے ابو مالک کو سالار مقرر کیا تو اس نے انہیں خفیہ طور پر ابوالعلاء کے بیٹوں کے بارے میں جو خط لکھا تھا کیونکہ ان کے باپ سلطان ابوسعید نے ان پر مہربانی کی تھی۔

ابوالعلاء کے بیٹوں کی گرفتاری: پس ابو مالک نے انہیں گرفتار کر لیا اور ان سب کو [illegible] قید خانے میں بند کر دیا۔ پھر انہیں کشتیوں میں افریقہ کی بندرگاہ کی طرف واپس بھیج دیا [illegible] سلطان ابو یحییٰ کے پاس اترے اور سلطان ابوالحسن نے ان کے متعلق اسے پیغام بھیجا جس نے انہیں قید کر دیا تھا۔ اس نے اپنے دروازے کے [illegible] ترغیب کے [illegible] ان کے [illegible] کی طرف [illegible] تو اس نے توقف کیا اور ان سے عہد شکنی کرنے سے انکار کیا اور اس کے وزیر [illegible] سلطان کا مقصد [illegible] کے متعلق [illegible] کہ اسے اس بات کا علم ہے [illegible] اس نے اس کی بات کو قبول کیا اور دونوں کو ان کے ساتھ اس کی طرف بھیج دیا [illegible] سلطان کا [illegible] ان کے پیچھے پیچھے گیا اور جب سلطان ابوالحسن [illegible] میں [illegible] آیا تو وہ اس کے پاس گئے تو اس نے ان کے [illegible] انہیں [illegible] اور انہیں [illegible] اور ان کے لئے [illegible] انہیں [illegible] خلعتیں اور [illegible] جب وہ [illegible] کے حالات [illegible] کے بارے میں [illegible] شکایت کی کہ [illegible] بغاوت کرنے اور بادشاہ پر حملہ کرنے کے بارے میں سازش کر رہے ہیں۔ پس اس نے انہیں گرفتار کر لیا اور مکناسہ میں انہیں قید میں ڈال دیا یہاں تک کہ اس کے اپنے بیٹے ابو عنان کے ساتھ جو حالات ہوئے تھے ہم بیان کریں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔ واللہ اعلم۔

فصل

مشرق کی طرف سلطان کے تحائف بھیجنے اور حرمین اور قدس کی جانب اپنے تحریر کردہ مصحف بھیجنے کے حالات

ملوک مشرق کی دوستی اور تحفہ جات کے بارے میں سلطان ابوالحسن کا ایک خاص مسلک تھا جسے اس نے اپنے اسلاف سے حاصل کیا تھا اور اس کی دیانت داری نے اسے مزید مضبوط کر دیا تھا اور جب اس نے تلمسان کے بارے میں جو فیصلہ کیا سو کیا اور مغرب اوسط پر متغلب ہو گیا اور نواح کے باشندے اس کے رعب کے ماتحت ہو گئے اور اس کی حکومت کا سایہ دراز ہو گیا تو اس نے اسی وقت حاکم مصر و شام محمد بن قلاوون الملک الناصر سے گفتگو کی اور راستے سے حج اور حجیوں کے راستے سے رکاوٹوں کے اٹھا دینے کے بارے میں لکھا اور اس نے فارس بن میمون بن وردار کو یہ پیغام دے کر بھیجا تو وہ صلح کی بیعت کے اتمام اور خط کے جواب کے ساتھ واپس آیا۔

حرم شریف میں اپنا تحریر کردہ قرآن مجید رکھنا: اور سلطان نے پختہ ارادہ کیا کہ وہ اپنے ہاتھ کا تحریر کردہ ایک قرآن حرم شریف کے لئے وقف کرے تاکہ اسے اللہ کی قربت حاصل ہو چنانچہ اس نے اسے نقل کروایا اور کاتبوں کو اسے سنہرا کرنے اور منقش کرنے اور قاریوں کو اس کے ضبط و تہذیب کے لئے جمع کیا یہاں تک کہ اس کا کام مکمل ہو گیا اور اس نے اس کے لئے آبنوس کی لکڑی اور ہاتھی دانت اور صندل کا ایک نہایت عمدہ شاندار برتن بنوایا اور سونے کے پتروں اور جواہرات و یاقوت کی لڑیوں سے اسے آراستہ کیا اور اس کے لئے چمڑے کا ایک مضبوط برتن بنایا جس کی کھال پر سونے کی تاروں سے کڑھائی کی گئی تھی اور اس کے اوپر ریشم و دیباج کا غلاف تھا اور روئی کا غلاف بھی تھے اور اس نے اپنے خزانے سے اموال نکالے جنہیں اس نے مشرق میں جاگیریں خریدنے کے لئے مخصوص کیا تاکہ وہ قراء کے لئے وقف ہوں اور اس نے حاکم مصر و شام الملک الناصر محمد بن قلاوون کے پاس اپنی مجلس کے خواص اور اپنی حکومت کے بڑے بڑے آدمیوں مثلاً عریف بن یحییٰ امیر زغبہ اور ہر مخلص دوست سے سابق اور مقدم عطیہ بن مہلہل بن یحییٰ جو بڑا بااصول تھا کو بھیجا اور اس نے اپنے کاتب ابوالفضل بن محمد بن ابی مدین اور دروازے کے داروغے عریف اور اپنی حکومت کے دوست مولیٰ قاسم بن کوردار کو بھیجا اور اس نے حاکم مصر کے پاس تحائف لے جانے والے افراد کے لئے جسے منتخب کیا جس کا عرصہ تک لوگوں میں چرچا رہا اور گھر کے منتظمین میں سے ایک منتظم نے بتایا کہ اس میں پانچ سو بہترین گھوڑے جو سونے اور چاندی کی زینوں سے آراستہ تھے موجود تھے اور ان کی لگامیں بھی خالص سونے کی تھیں اور ریشم مغرب اور گھریلو استعمال کی چیزوں اور ہتھیاروں کے پانچ سو

سنہری بوجھے تھے اور پختہ بناوٹ کے اونی کپڑے لباس، ٹوپیاں، گھڑیاں اور نشان دار اور غیر نشان دار چادریں اور بحرین ریشم کے رنگ دار اور بے رنگ، سادہ اور منقش کپڑے اور بلاد صحرائی سے لائے ہوئے رنگ دار چمڑے جو لمط کی طرف منسوب ہوتے ہیں اور مغرب کا روئی سامان اور گھریلو استعمال کی اشیاء اور مشرق میں جن کی بناوٹ کو اچھا سمجھا جاتا ہے حتیٰ کہ ان میں موتی اور یاقوت کے پتھروں کا ایک پائدان بھی تھا۔

اور اس کے باپ کی محبوبہ لونڈیوں میں سے ایک لونڈی نے اس کی رکاب میں حج کو جانے کا ارادہ کیا تو اس نے اُسے اجازت دے دی اور اس کی اعانت و عزت و تکریم کی اور اس کے متعلق اپنے خاص سلطان مصر کو وصیت کی اور وہ تلمسان سے روانہ ہو گئے اور انہوں نے الملک الناصر کو پیغام اور ہدیہ پہنچایا جسے اس نے قبول کیا اور مصر میں ان کی آمد کا روز جمعہ کا دن تھا جس کے متعلق لوگوں میں مدتوں چرچا رہا اور راستے میں ان کی تعظیم و تکریم کی گئی یہاں تک کہ انہوں نے اپنا فرض ادا کر دیا اور جہاں پر ان کے صاحب نے انہیں قرآن کریم رکھنے کا حکم دیا تھا وہاں پر انہوں نے اسے رکھ دیا اور اس نے اپنے مغرب کے عجیب و غریب اشکال و بناوٹ کے تحفوں سے سلطان کو بھی تحائف اور اسکندریہ کے شاندار کپڑے جن میں سونے سے کام کیا گیا تھا بھیجے اور انہیں ان کے پیچھے دار الملک کی طرف بھیج دیا اور اس نے ان کی عمدہ تکریم کی اور عطیات دیے اور اس عہد کے لوگوں میں اس ہدیہ کے متعلق چرچا ہوتا رہا۔ پھر سلطان نے پہلے نسخے کے مطابق قرآن کریم کا ایک اور نسخہ لکھا اور اسے مدینہ کی قرأت پر لکھا اور اسے اپنی حکومت کے اس دور کے چند لوگوں کے ہاتھ بھیجا اور الملک الناصر اور اس کے درمیان مسلسل دوستی رہی یہاں تک کہ وہ ۷۴۱ھ میں فوت ہو گیا اور اس کے بعد اس کے بیٹے ابو الفداء اسماعیل نے امارت سنبھالی تو سلطان نے اس سے تعزیت کی اور اسے تحائف دیے اور اس سے اس کے باپ کی تعزیت کی اور اپنے کاتب اور دفتر خراج کے انچارج ابو الفضل بن عبد اللہ بن ابی مدین کو اس کے پاس بھیجا اور اس نے اپنے قاصد ہونے کے فرض کو ادا کیا اور سلطان کی بڑائی بیان کرنے اور راستے میں گروہ رحانیوں پر اس کے خرچ کرنے اور اپنے ہاتھ سے ترکی حکومت کے آدمیوں کو تحائف دینے اور جو کچھ ان کے ہاتھوں میں تھا اس سے بچنے میں وہ عجیب شان کا حامل تھا۔

اور جیسا کہ ہم بیان کریں گے پھر اس نے افریقہ پر قبضہ کرنے کے بعد قرآن کریم کا ایک اور نسخہ لکھنا شروع کیا تاکہ اسے بیت المقدس کے لئے وقف کرے مگر وہ اسے پورا نہ کر سکا اور اس کے لکھنے کی فراغت سے قبل ہی فوت ہو گیا جیسا کہ ہم بیان کریں گے ان شاء اللہ۔

فصل

مغرب کے پڑوسی سوڈانیوں میں سے شاہ عالی کی خدمت میں سلطان کے تحفہ بھیجنے کے حالات

سلطان ابوالحسن کے فخر کا ایک خاص طریق تھا جس سے وہ بڑے بڑے بادشاہوں سے مقابلہ کرتا تھا اور ہمسروں اور امصار کو تحائف دینے اور دور دراز کے نواح اور اطرافِ سرحدوں میں ایلچی بھیجنے میں ان کے طریق کا پابند تھا اور اس کے عہد میں مالی کا بادشاہ سوڈانیوں کے بادشاہوں میں سے سب سے بڑا تھا اور مغرب میں آپ کے ملک کا پڑوسی تھا اور اس کے قبلہ کی جانب کے مقبوضات کی سرحدوں سے ایک سو مرحلہ پر جنگل میں رہتا تھا اور اس نے مغرب اوسط کے مقبوضات پر غلبہ پالیا اور لوگوں نے ابو تاشفین کی شان اور اس کے محاصرہ کرنے اور قتل کرنے نیز سلطان کو غلبہ اور قوت کا جو شان اور دبدبہ حاصل ہوا تھا کے بارے میں باتیں کیں اور اس بارے میں آفاق میں خبریں پھیل گئیں اور مالی کا سلطان منسا موسیٰ جس کا ان کے حالات ہم قبل ازیں ذکر کر چکے ہیں اس کے ساتھ مذاکرات کرنے کی طرف مائل ہوا جبکہ اس نے اپنی مملکت کے باشندوں میں سے فرانصیں کو اپنے مقبوضات کے پڑوس میں رہنے والے صنہاجی ملثمین کے ایک ترجمان کے ساتھ اس کے پاس بھیجا اور انہوں نے سلطان کے پاس جا کر اسے فتح اور غلبہ کی مبارک باد دی تو اس نے انہیں خوش آمدید کہا اور نہایت اچھی طرح رخصت کیا اور اپنے فخر و طریق کی طرف مائل ہوا اور اس نے اپنے گھر کے ذخیرے سے مغرب کا عجیب و غریب حاصل اور عمدہ استعمال کی چیزیں اور بیش قیمتی سامان تحفہ میں دیا اور اپنی حکومت کے کچھ آدمیوں کو جن میں کاتب الدیوان ابو طالب بن محمد بن ابی مدین اور اس کا غلام عنبر الخصی بھی شامل تھے مقرر کیا اور انہیں وہ سامان دے کر مالی کے بادشاہ منسا سلیمان کے پاس اپنے وفد کی واپسی سے قبل اس کے باپ کی فوتیدگی کے وقت بھیجا اور صحراء کے عرب اعراب کو اشارہ کیا کہ وہ آمد و رفت کے وقت ان کے ساتھ آئیں جائیں پس معقل میں سے جابر اللہ کی اولاد کا امیر علی بن غانم تیار ہوا اور سلطان کے حکم کی اطاعت کرتے ہوئے ان کے ساتھ ہمراہ ہوا اور طویل سفر اور بڑی تکلیف کے بعد یہ قافلہ جنگل میں مالی کے ملک تک دور تک چلا گیا تو اس نے انہیں خوش آمدید کہا اور ان کی عزت افزائی کی اور یہ لوگ مالی کے بڑے بڑے آدمیوں کے وفد میں جو اپنے سلطان کی تعظیم کرتے اور اس کے حق و اطاعت کو ادا کرتے تھے اپنے بھیجنے والے کی طرف واپس آ گئے اور انہوں نے اپنے بھیجنے والے کی مرضی اور حکم کے مطابق سلطان کا حق ادا کیا اور اس کا پیغام پہنچایا اور سلطان کو بادشاہوں پر ان کے تواضع کرنے کی وجہ سے بہت عزت حاصل ہوئی۔۔

فصل

حاکم تونس کے ساتھ سلطان کے رشتہ داری کرنے کے حالات

جب سلطان ابو یحییٰ کی بیٹی خاتون ابوالحسن کی بیوی بنو مرین کے ساتھ طریف میں ان کے دشمنوں میں فوت ہو گئی تو اس کے دل میں اس کا غم باقی رہ گیا کیونکہ وہ اس کی سلطنت کی عزت کرنے اور نگرانی کرنے اور معاملات میں کامیاب ہونے اور ترقی کے اصولوں اور محبت میں لذت جس سے فائدہ اٹھانے کی بہت مدد دیتی تھی اسے خیال آیا کہ وہ اس کی بہن کو اس کے عوض میں حاصل کرے اور اس کی منگنی کے بارے میں اس نے اپنے ولی عریف بن یحییٰ امیر زغبہ اور اپنی حکومت کی فوجوں اور مجلس کے کاتب ابوالفضل بن عبداللہ بن ابی مدین اور اپنی مجلس کے فقیہ العزفی ابو عبداللہ محمد بن سلیمان سطی اور اپنے غلام عنبر الخصی کو بھیجا اور وہ ۷۴۶ھ میں پہنچے اور ان کے ساتھ نہایت اچھا سلوک کیا گیا اور اس نے ان کی مدد توجہ کر لی۔

حاجب ابو عبداللہ کی سلطان سے سازش: جب ابو عبداللہ بن تافراکین نے ان کی آمد کی غرض کے بارے میں اپنے سلطان سے سازش کی اور اس نے اپنی قوم کو اطراف کے ملوک والوں نے تحفے دیے اور اس قسم کی حکمت کی خاطر اس بات کے ماننے سے انکار کر دیا اور اس کا حاجب ابن تافراکین ان کے سامنے اس کام کی بہت کم کرتا رہا اور اس منگنی کے رد کرنے کے بارے میں اس نے سلطان ابوالحسن کے حق کی عظمت بیان کرتا رہا کیونکہ ان دونوں کے درمیان رشتہ اور دوستی کے علاوہ عہد و پیمان ہو گئے تھے یہاں تک کہ اس نے اس کی بات مان لی اور اس کی خواہش پوری کر دی اور اس نے بیٹی کو ان کے سپرد کر دیا پس ان دونوں کے درمیان رشتہ داری ہو گئی اور حاجب دلہن کے سامان کی تیاری میں لگ گیا اور اسے احتیاط و حکمت سے سرانجام دیا اور مستحکم کیا اور انہیں قائم رکھا ہو گیا یہاں تک کہ اس نے پوری تیاری کر لی اور ربیع الاول ۷۴۷ھ میں وہ تونس سے چلے گئے اور سلطان ابو یحییٰ نے اپنے بیٹے الفضل کو جو بونہ کا حاکم اور اس دلہن کا حقیقی بھائی تھا ساتھ کر دیا کہ وہ بہن کو سلطان ابوالحسن کے پاس اس کے حق کے قیام کے لیے لے جائے اور اس نے اپنے دروازے سے بنو مرین کے مشائخ کو بھیجا جن کا لیڈر عبدالواحد بن محمد ابن کماز تھا اور وہ اس کی رکاب میں اس کے پاس آئے اور جب سلطان کے پاس پہنچے اور راستے میں ہی تھے کہ سلطان ابو یحییٰ کی وفات کی خبر ملی اور جب وہ سلطان ابوالحسن کے پاس پہنچے تو اس نے ان سے تعزیت کی اور ان کی بہت عزت کی اور اس دلہن کے بھائی فضل سے

ساتھ جو عہد کیا تھا کہ وہ اس کے باپ کی ولایت کے حصول میں مدد دے گا اسے بہت اچھی طرح پورا کیا جس سے وہ [illegible] ان کے ساتھ مطمئن ہو گئی یہاں تک کہ وہ سلطان کے مددگاروں میں شامل ہو کر اس کے جھنڈوں تلے افریقہ چلا گیا۔ ان شاء اللہ۔

فصل

افریقہ پر سلطان کے چڑھائی کرنے اور اس پر غالب آنے کے حالات

اگر سلطان ابو یحییٰ کی وفات اور رشتہ کو پیش نہ ہوتا تو سلطان ابو الحسن کی آنکھ افریقہ کی حکومت کی طرف اٹھی ہوئی تھی اور وہ اس کے لئے اوقات مقرر کرتے تھے اور جب اس نے رشتہ کے بارے میں اسے پیغام بھیجا اور تلمسان میں یہ بات مشہور ہو گئی کہ موحدین نے اس کی منگنی کو رد کر دیا ہے تو وہ منصورہ تلمسان سے اٹھا اور جلدی سے [illegible] کی طرف گیا اور عطیات کا حکم کھولا اور فوج کی کمزوریوں کا جائزہ لیا اور اس نے مغرب اقصیٰ پر اپنے پوتے منصور بن امیر ابو مالک کو مقرر کیا اور حسن بن سلیمان بن یرزیکن کو [illegible] کے مضبوط کرنے میں لگا دیا اور اسے فوج پر امیر مقرر کیا اور افریقہ پر چڑھائی کرنے کی تیاری پوشیدہ رکھ کر تلمسان کی طرف کوچ کر گیا اور جب اسے [illegible] کی بیعت کی خبر پہنچی تو اس کا ارادہ پختہ ہو گیا اور جب وہ جزائر پہنچا سلطان ابو یحییٰ فوت ہو گیا اور جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں کہ اس نے اپنے بیٹے عمر کی امارت کے قیام اور حاجب ابو محمد بن تافراکین کے رمضان میں جانے کا کام کیا تو اس بات سے سلطان کے عزائم بیدار ہو گئے اور ابن تافراکین نے آ کے موحدین کی حکومت میں رغبت دلائی اور اس کے پیچھے یہ خبر آ گئی کہ عمر نے اپنے بھائی احمد کو جو ولی عہد تھا قتل کر دیا ہے جو اس کے باپ کی طرف سے اس کی حکومت کا ولی عہد تھا اور سلطان نے [illegible] مددگار رہے تھے اور اس پر غالب تھا اور اس کے حاجب ابو القاسم بن عتو نے اس سے مطالبہ کیا کہ وہ اسے اس کے پاس سفیر بنا کر بھیجے تو سلطان ناراض ہو گیا اس لئے کہ عمر نے اپنے باپ کے عہد کو ضائع کیا اور اپنے بھائی کے خون کو رائگاں کیا تھا اور اس کے بارے میں نافرمانی کا طریق اختیار کیا تھا اور اس بات کو توڑ دیا تھا جو اس نے [illegible] سے اس پر قائم کی تھی۔

افریقہ پر چڑھائی: پس اس نے افریقہ پر چڑھائی کرنے کا پختہ ارادہ کر لیا اور [illegible] بھی تیار ہو کر چلنے کے لئے اس کے پاس آ گیا تو اس نے عطیات کا دروازہ کھول دیا اور لوگوں میں افریقہ کی طرف جانے کا اعلان کر دیا اور ان کی کمزوریوں کو دور کیا اور مولانا امیر ابو یحییٰ کا چچا زاد الحاج ابو عبداللہ بجایہ کا حاکم تھا [illegible] اپنے دادا کی وفات کے

جو سلطان ابوالحسن کے پاس اپنے باپ کی سفارت لے کر اور [illegible] سے اپنی عملداری پر قائم رہنے کا مطالبہ کرتے ہوئے آیا اور جب وہ [illegible] یہاں مغرب اور [illegible] سے یقین ہو گیا کہ وہ خود افریقہ پر چڑھائی کرنے لگا ہے تو اس نے اس سے اپنے علاقے کی طرف واپس جانے کا مطالبہ کیا تو اس نے اس کے مطالبہ کو پورا کر دیا اور وہ بجایہ کی طرف چلا گیا۔

اور جب سلطان نے ۷۴۷ھ میں عید الاضحیٰ کی رسم ادا کی تو اس نے اپنے بیٹے امیر ابو عنان کو مغرب اوسط کا امیر مقرر کیا اور اسے علم دیا اور اسے اپنے قائم مقام کے طور پر [illegible] اور اسے لشکر جمع کرنے کا کام بھی اسے سپرد کیا اور خود افریقہ جانے کے ارادے سے کوچ کر گیا اور [illegible] حمزہ کا امیر [illegible] اپنے مددگاروں کے ساتھ پیچھے آیا اور جب وہ [illegible] میں اترا تو وہاں اسے قسنطینہ اور بونہ [illegible] جس کی چڑھائی اس کا امیر [illegible] اور اس کے بھائی عبدالمطلب کی امارت کا وفد [illegible] احمد بن علی اور امیر [illegible] زکریا بن سلطان جو امیر ابو العباس ولی عہد کے قتل کے بعد تونس سے اس کے پاس آ گیا تھا اور وہیں تونس میں فوت ہو گیا تھا [illegible] احمد بن [illegible] مرزوق [illegible] یہ دونوں ولی عہد کی وفات کے بعد اسی غرض سے ان کے پاس وہاں چلے آئے تھے [illegible] اپنے ملک کے سرداروں اور لوگوں کی بیعت کے ساتھ اسے وہاں ملے اور اس کی بیعت کی اور اس کی امامت کا حق ادا کیا اور امیر [illegible] محمد بن ثابت ان کے ساتھ شامل تھا اس نے اپنی بیعت ان کے ساتھ [illegible] کی تو اس نے ان کے وفد کی عزت کی اور انہیں ان کے اعمال پر مقرر کر دیا اور انہیں ان کی عملداریوں کی طرف بھیج دیا اور اس نے احمد [illegible] کو [illegible] کے ساتھیوں اور اپنے مددگاروں میں شامل کرنے کے لئے بھیج دیا اور جلدی جلدی چلنے لگا اور جب وہ بجایہ کے مضافات میں بنی حسن میں اترا تو وہاں ان کا امیر [illegible] منصور بن فضل بن مزنی اپنے اہل وطن کے ایک وفد کے ساتھ آیا [illegible] اور یعقوب بن علی بن احمد [illegible] اور قسنطینہ کے مضافات کا سوار امیر [illegible] انہیں [illegible] اکرام کے ساتھ [illegible] اور انہیں اپنے [illegible] میں شامل کر لیا اور اس نے اپنے باپ کے پروردہ [illegible] عسکر [illegible] آگے بھیجا اور جب اس نے بجایہ کے میدان میں پڑاؤ کیا تو امیر عبداللہ اور اہل شہر نے سلطان کے خوف اور ہیبت سے اس کی بات نہ مانی اور اس کے [illegible] اور ان کے [illegible] سلطان کی مجلس میں گئے اور اس کا حاجب فارح [illegible] سے پہلے اس کے پاس پہنچ گیا اور اس کی اطاعت اختیار کر لی اور اس نے اسے اس کے [illegible] سرداروں کی ملاقات کرنے باہر نکلنے کے لئے واپس بھیجا اور وہ چلا گیا اور جب اس نے شہر کو قریب [illegible] تو امیر ابو عبداللہ نے جلدی کی اور اسے شہر کے میدان میں ملا اور اپنے پیچھے رہنے کے بارے میں عذر کیا تو اس نے اس کا عذر قبول کیا اور اپنے بیٹے کی طرح اس سے حسن سلوک کیا اور [illegible] عملداری [illegible] میں [illegible] اور تلمسان [illegible] اس کا وظیفہ مقرر کیا اور اسے اپنے بیٹے ابو عنان حاکم مغرب کے ساتھ کر دیا اور اسے اس کے متعلق وصیت کی اور وہ بجایہ میں داخل ہوا تو اس نے ان سب [illegible] کو [illegible] اور [illegible] کا [illegible] معاف کر دیا اور اس کی [illegible] سرحدوں کے احوال پر غور [illegible] کیا اور [illegible] ان کے [illegible] قائدوں میں سے محمد بن [illegible] اس کا امیر مقرر کیا اور اس کے ساتھ بنی مرین کے [illegible] اور اپنے [illegible] سے [illegible] کو [illegible] اور خود [illegible] کے لئے تیار ہو کر [illegible] اور قسنطینہ میں اترا۔

ابو زید کی بیعت: اور قسنطینہ کے امیر ابو زید جو سلطان ابو یحییٰ کا پوتا تھا اس نے اور اس کے دونوں بھائیوں

ابوالعباس محمد اور ابو یحییٰ زکریا اور ان کے بھتیجے جنہوں نے اس کی بیعت کی اس کی خاطر اپنی عملداری سے دست بردار ہو گئے اور سلطان نے تلمسان کی عملداری میں سے انہیں ندرومہ دے دیا اور موسیٰ ابوزید کو اس کا امیر مقرر کیا اور اس کے ٹیکس کے جمع کرنے میں اسے اپنے بھائیوں کے لئے مقدم بنایا اور شہر تک خالص ہو گیا اور محمد بن عباس کو ان کا امیر مقرر کیا اور عباس بن عمر نے اپنی قوم بنی عسکر کے ساتھ اس کے پاس آیا اور اس نے ان کی جاگیروں کو واگزار کیا اور وہیں پر اس کے پاس دواودہ کے عرب کے سردار اور صحرا کے امیر محمد بن عمر نے اپنی سواریوں کو دوڑاتے ہوئے اس سے ملاقات کی اور وہیں اس نے اسے سلطان ابو یحییٰ کے اور اہل بجایہ کے سر تھے عرب میں سے ان کے سر مقدم تھے۔ سے قابس کی جانب کوچ کر جانے کی اطلاع دی اور اس نے سلطان کو مشورہ دیا کہ وہ اس کے اس کی طرف جانے سے پہلے اسے روکنے کے لئے فوج بھیجے تو اس نے اس کے ساتھ۔ پس قائد حمو بن یحییٰ عسکری کو بنی مرین کی فوج کے ساتھ بھیجا اور وہ سلطان ابو حفص کے تعاقب میں کوچ کر گئے اور سلطان ابوالحسن نے قسنطینہ میں قیام کیا اور اس کی فوجوں نے شیخ ابو محمد کی اطاعت کی اور اس نے یوسف بن عمر کو خلعت اور سواری دے کر اسے اپنی عملداری کی طرف بھیجا پھر اس نے مولیٰ الفضل بن مولانا سلطان ابو یحییٰ کو اس کی عملداری بونہ کا امیر مقرر کیا اور اس کے قبضے سے خدمات اور منصب سے چھڑا کر بھیج دیا پھر وہ ان کے پیچھے کوچ کر گئے ابو محمد بن یحییٰ اور ابو الخیل کے بیٹے جو اطاعت کرنے والوں کے ساتھ آئے تھے اور وہ اس کی جانب سے امیر ابو حفص کے ساتھ جا ملے اور انہوں نے اس پر حملہ کر دیا اور وہ اور اس کا غلام ظافر السنان معرکے میں سے اس کی حکومت کا سردار تھا ان کے گھمسان میں اپنے گھوڑے سے گر پڑا اور انہیں گرفتار کر لیا گیا اور دونوں کو ابو حمو کے پاس لایا گیا تو اس نے رات تک انہیں قید رکھا پھر دونوں کو قتل کر دیا اور ان کے سروں کو سلطان کے پاس بھیج دیا۔

ابوالقاسم بن عتو کی گرفتاری: اور تبسہ جماعت تونس کے بنی اور حمید بن عن کے امیر ابو حفص کے ساتھی اور شیخ الموحدین ابوالقاسم بن عتو اور صخر بن کے بیٹے مکین بن محمد اس جماعت کے لوگوں کے ساتھ گرفتار کر لیا اور انہیں پابجولاں سلطان کے پاس بھیج دیا اور سلطان نے اپنی فوجوں کو تونس کی طرف بھیجا اور بنی عسکر میں سے اپنی بیٹی کے رشتہ دار یحییٰ بن سلیمان کو ان کا سالار مقرر کیا اور ابن تافراکین کو اس کے ساتھ بھیجا اور وہ تونس میں اتر کر ان پر قابض ہو گئے اور ان کی وہاں سے اپنی عملداری میں چلا گیا کیونکہ سلطان نے اسے وہاں کا امیر مقرر کیا تھا اور اس نے اسے اور اس کی قوم کو سوار اپنا اور طلحہ کے رہنے کے عہدے پر بھیجا تھا اور سلطان باجہ میں اترا اور وہاں اسے امیر ابو حفص کے سر کے ساتھ اور قابس کی فتح حاصل ہوئی پھر وہ تونس کی طرف کوچ کر گیا اور ۸ جمادی الآخرہ ۷۴۸ھ کو بدھ کے روز وہاں اترا اور تونس کے وفد اور اس کے شیوخ شوریٰ اور ابن تافراکین نے اس سے ملاقات کی اور انہوں نے اطاعت اختیار کی اور خوشی خوشی واپس آ گئے پھر ہفتے کے روز اس کی فوج نے اس میں داخل ہونے کی تیاری کی اور اس نے اپنے پڑاؤ کے مقام سے شہر کے دروازے تک اپنی فوج کی دو قطاریں بنائیں جن کا درمیانی فاصلہ چار میل سے زیادہ تھا اور بنو مرین اپنی فوجوں کے ساتھ اپنے جھنڈوں تلے اپنے مراکز کی طرف گئے اور سلطان اپنے خیمے سے سوار ہوا اور اس کے دائیں ہاتھ اس کا دوست عریف بن یحییٰ امیر زغبہ اور اس کے ساتھ ابو محمد عبداللہ بن تافراکین سوار ہوئے اور اس کے بائیں ہاتھ مولانا سلطان ابو یحییٰ کا بھائی ابو عبداللہ محمد اور اس کے ساتھ اس کے بھائی خالد کا بیٹا امیر ابو عبداللہ سوار ہوئے یہ دونوں جب سے ان کے بھائی امیر ابو فارس نے خروج کیا تھا

قسنطینہ میں اپنے بیٹوں سمیت قید تھے لیکن سلطان ابوالحسن نے ان کو رہا کر دیا اور وہ اس کے ساتھ تونس گئے اور وہ اس جماعت کی زینت تھے جنہیں بنی مرین کے شرفاء اور کبراء میں شمار کیا جاتا تھا اور اس کے لڑکے پٹ گئے اور تعصب سے ہار گئے اور جماعتیں منحرف ہوئیں اور اس سے موافقت کرتی تھیں یہاں تک کہ وہ شہر تک پہنچ گیا اور دونوں میں لڑائیوں سے مورچے مارے گئے اور ہماری سمجھ کے مطابق اس جیسا ان کبھی نہیں دیکھا گیا۔

سلطان کا محل میں داخل ہونا: اور سلطان محل میں داخل ہوا اور ابو محمد بن تافراکین کو اپنی پوشاک بطور خلعت دی اور اپنے گھوڑے کی لگام دونوں سمیت اس کے قریب کیا اور لوگوں نے اس کے سامنے سیر ہو کر کھیلا اور منتشر ہو گئے اور سلطان ابو محمد بن تافراکین کے ساتھ محل کے کمروں اور خلفاء کے مساکن میں داخل ہوا اور ان کا چکر لگایا اور وہاں سے متصلہ باغات میں چلا گیا جنہیں راس الطابیہ کہا جاتا تھا پس اس نے ان کے باغات کا چکر لگایا اور وہاں سے اپنے پڑاؤ میں آ گیا اور یحییٰ بن سلیمان کو ایک فوج کے ساتھ قصبہ تونس میں اس کی حفاظت کے لئے اتارا اور امیر ابو حفص کی جماعت اور تونس کے قیدی پکڑے لائے ان کے پاس پہنچے تو اس نے ابو القاسم بن عتو اور محمد بن موسیٰ کو ان سے جنگ کرنے کے بارے میں قبائل کے اختلافی تیاری کے متعلق خاموش کرنے کے بعد انہیں جیل میں ڈال دیا اور دوسرے دن شیخ کو قید وہ ان کی طرف روانہ ہوا اور اس کے نواح میں چکر لگایا اور اوائلین کے آثار اور قدیم شہر کے نشانات اور مضبوط اور عجیب عمارتیں دیکھیں۔ کئے بعد کھنڈرات پر کھڑا ہوا اور علماء اور صالحین کی قبروں کی زیارت کی پھر سبتہ کی طرف چلا گیا اور ساحل سمندر پر کھڑا ہوا اور ان لوگوں کے آثار پر غور کرنے لگا جو گزشتہ زمانہ میں بڑی قوت و طاقت کے مالک تھے اور اس نے ان کے احوال سے عبرت حاصل کی اور دارالصنعت میں آیا اور گنگل اور بحری جہاز کے پڑاؤ سے گزرا اور تونس واپس لوٹ آیا اور ماہ رمضان میں وہاں اترا اور اس نے بیگڑ ہوں کو افریقہ کی سرحدوں پر اتارا اور حمزہ بن عمر کو شہر اور مضافات باغ میں دیئے اور موحدین کی جاگیریں عربوں کو دیں اور جہات پر عمال مقرر کئے اور محل میں قیام کیا اور حکومتوں اور مضبوط سلطنتوں پر غلبہ پانے کے بارے میں بڑی فتح حاصل ہوئی اور اس کے مقبوضات مسرتہ اور سوس الاقصیٰ کے درمیان تک سمندر کے جزائر کے کنارے تک متصل ہو گئے۔

والملک للہ یوتیہ من یشاء من عبادہ والعاقبۃ للمتقین۔

اور شعراء فتح کی مبارکباد دینے کے لئے اس کے پاس تونس گئے اور ان میں فقیہ ابو القاسم الرحوی جو تونس ادیبوں میں سے فائق ہے سب سے آگے تھا اس نے اس کی خدمت میں مندرجہ ذیل اشعار پیش کئے۔

> "بے شک تو بادشاہ ہے جو مشرق و مغرب تجھے جواب دیتے ہیں اور مکہ اور یثرب ملاقات سے خوش ہوتے ہیں اور مصر عراق اور اس کے شام نے تجھے آواز دی کہ جلدی آ۔ دین کی قرابت تمہارے پاس واسطہ ہوتی ہے جس نے تجھے اشارہ کیا ہے اور قریب کیا۔ بلکہ ساری زمین کے بادشاہ اور ان کا پرچم جس تیرے نام کا خطبہ دیتا ہوا ہمارے سرور دوجہاں کی سنت نے اطاعت کے لئے عمل کی اور وہ اطاعت جو اطاعت الٰہی تک پہنچاتی ہے اور جو عمل نے محبت و رغبت سے تیرا اشتیاق کیا اور تو امیدوں کے ناقہ سے قریب دور دور تھا ہے اور وہ شہر میں تجھے لوگوں نے لبیک کہا اور تو ناصر کے افق پر دیکھ رہا تھا اور ذات الحیل سے تیرے پاس وفد آئے اور تیرے ساتھیوں نے انہیں خوش آمدید کہا اور انہوں نے نجابت کی سرکشی کی وجہ سے دن کی بہت سی مشکلات اور

ہو گئیں یا جب [illegible] کی طرف [illegible] تو تو نے [illegible] اور ان میں سے [illegible] اطاعت [illegible] جلدی [illegible] اطاعت اختیار کر لی [illegible] خوف [illegible] حاصل ہو گیا [illegible] کے لئے ایک [illegible] سے [illegible] طرح [illegible] اور اس کی [illegible] سے [illegible] ہو گئے اور [illegible] پناہ [illegible] تو سب کی پناہ گاہ اور [illegible] جواب دیا اور زندگی [illegible] اگرچہ [illegible] باپ ہے اور [illegible] طرف منسوب ہوتا ہے اور تو نے ان کے [illegible] اور قربانی [illegible] کیا اور [illegible] دیکھا [illegible] اور پڑھا جاتا ہے اور اگر لوگوں [illegible] سے [illegible] ہے تو [illegible] پیدا [illegible] کرتا ہے اور [illegible] تیری [illegible] اخلاق [illegible] اور [illegible] اختیار کرتے [illegible] ہے اور [illegible] حاصل کی ہے [illegible] جاتے ہیں [illegible] طرح [illegible] قوم کے [illegible] جاتے ہیں [illegible] کرتے ہیں [illegible] کے دل [illegible] ہیں اور [illegible] ان کے مقابلے [illegible] ہیں وہ ایسے لوگ ہیں کہ بادشاہ ان کی [illegible] آتے ہیں [illegible] والے ہیں [illegible] سلطنت کے مالک ہیں اور ان [illegible] ان کی [illegible] ان کے [illegible] ہو گئے ہیں [illegible] مرتبے والے ہو گئے ہیں [illegible] ان کا ایک [illegible] اور [illegible] ہو جاتا ہے [illegible] ظلم [illegible] ایک [illegible] چلے گئے ہیں [illegible] اللہ تعالیٰ نے [illegible] تو ہم سے اطاعت [illegible] حق [illegible] اللہ [illegible] چلے [illegible] اللہ کے [illegible] حق کے [illegible] طرف سے ایک [illegible] حفاظت کرتا ہے اور اللہ کے [illegible] تمہارے [illegible] ہیں اور انہیں [illegible] مرتبے [illegible] ملے ہیں اور [illegible] آ گئی ہے [illegible] ہیں اور ان کے پاس ایک [illegible] ہو گئے ہیں اور تو نے [illegible] جاتا ہے اور [illegible] اللہ [illegible] جاتی ہے اور [illegible]

تیری تمنا کی ہے اور ہر زمین تیرے ذکر سے سرسبز ہو جاتی ہے اور تو ہی ایک منزل ہے جس کا تو مالک ہے اور وہاں محبت کرنے والا مقیم ہوتا ہے تو نصف زمین پر راحت کے ذریعے ہے اور نصف کو حاصل کر کے مالک ہوا ہے جیسے دولت اور کمائی کی سب زمین آگئی ہے اور ایک فوج پانی اور کشتیوں پر سوار ہوتی ہے اور دوسری فوج تیز رفتار [illegible] گھوڑوں پر سوار ہوتی ہے اور ایک فوج عدل و انصاف اور عقل کی ہے اور خدا کی قسم یہ سب سے سچی ہے اور غالب فوج ہے جو دلائل اور غور سے مدد لیتی ہے جو دو سواروں سے سواری [illegible] حاصل کرتی ہے اور ہر تیز رفتار [illegible] تیرے ہتھیار سے ہے اور ہر [illegible] اور لڑائی کرنے والی ہے اور تیرے ملک کا تب بھی جس کی کمائی اور دولت موجود ہے اور [illegible] کو لکھتے ہوئے اسے [illegible] گرد و غبار اور بہادروں کے پاس سے شیر کی طرح گزرتا ہے اور شہ سوار نیزہ باز تلواروں کے گلوں کی طرح ہوتے ہیں اور گلے میں کاتب بھی جن کی نیزہ زنی عربوں کی جنگوں کا ماہر [illegible] نہیں کرتا اور وہ کئی قسم کے عجیب ساحرانہ کلام سے بات کرتا ہے اور [illegible] تیری ہی طرف ہر زبان پر ہوتا ہے اور [illegible] وہ [illegible] جن کا [illegible] ہے اور احتمال کی [illegible] ہے اور علم تقویٰ کی چادر کو کھینچتا ہے اور اس پر [illegible] ذکر [illegible] اور اسے علم [illegible] رنگ حاصل ہے جو کئی رنگوں کا حامل ہے اور دنیا [illegible] سے تمہارے [illegible] نہیں نکلے [illegible] لوگ تمہارے پاس اور اس کی سب سے دنیا میں [illegible] اچھا ہوتا ہے اور [illegible] بلند شان کر دو ہے کہ جب کسی کمائی میں گزرتا ہے تو حق کی طرف رخ کرتا ہے۔

اور مجھے دنیا کے ہر مقیم اور مسافر پر جو آتا جاتا ہے فضیلت حاصل ہے اور اے عادل رضامند اور متقی بادشاہ آپ کے بلند مناقب بڑے دور تک پہنچ گئے ہیں تو نے ہم میں احسان کا وہ طریقہ اختیار کیا جس سے تو [illegible] جیسے کہ تو کوئی [illegible] ہے اور تو نے عبادات کو [illegible] ہوتے ہوئے انہیں بلند کر دیا ہے اور تقویٰ تیرے قریب ہوتا ہے اور تو نے [illegible] ہوتے ہوئے علم کی قدر کو بلند کیا ہے جس علم اور اہل علم کو تیری ضرورت ہے [illegible] تیری [illegible] فرض ہے اور کون [illegible] یہ بات [illegible] کر سکتا ہے اور عجیب ہے کہ تو کیسے [illegible] ہے جو اور [illegible] عطا کرتا ہے اور [illegible] جاتا ہے اور سمندر کو تیرے ہاتھوں سے کیا نسبت ہے اور تیرے ہاتھ ہمیشہ اس زمین میں [illegible] جس سے لوگوں کا کھانا پینا [illegible] اور تو ہمیشہ اپنی [illegible] کی خبروں پر [illegible] ہے [illegible] رہے اور [illegible] رہے تو نے اس کے ساتھ اپنی اچھی خواہشات کو پایا ہے [illegible] کوئی اچھا کام [illegible] ہے اور تو متحمل ہوتا ہے۔

فصل

قیروان میں سلطان ابوالحسن کے ساتھ عربوں کے جنگ کرنے اور اس دوران میں ہونے والے واقعات کے حالات

بنی سلیم یہ صوبہ افریقیہ میں معز کے زمانہ سے رہتے تھے اور انہیں [illegible] حاصل تھا اور وہاں کے [illegible] سے پہلے ان سے بھی پہلے بنی [illegible] دوسرے شہروں میں چلے گئے تھے اور جب سے مشرقی عرب کا خاتمہ ہوا اور حکومتیں کمزور ہوئیں اور سلطنتوں پر حملے ہونے لگے بنو سلیم ضلالت اور بغاوت کی طرف چلے گئے اور اپنی عداوت ظاہر کی [illegible] ہے اس وجہ سے [illegible] ہو گئے یہاں تک کہ منصور نے اپنے بیٹے مہدی کو وصیت کی کہ وہاں میں سے کسی کی مدد سے جیسا کہ پہلے بیان کیا ہے۔

پھر جب عباسی حکومت ختم ہوئی اور پھر موحدین خود مختار ہو گئے تو بنو سلیم افریقیہ کے بلاد میں طاقت ور ہو گئے اور انہوں نے ان میں کے موحدین پر حملے کئے اور انہیں تکلیف پہنچائی اور جب اسلامی حکومت کا سلسلہ [illegible] میں ختم ہو گئی اور انہوں نے [illegible] کے [illegible] ہو گئے اور انہوں نے [illegible] سے [illegible] اور وہاں [illegible] کو [illegible] بنی مرین نے [illegible] مغرب کے [illegible] اور [illegible] کے پیچھے [illegible] چلے گئے وہاں کی آبادی کو تباہ کر دیا اور اس کے علاقوں میں گھومتا رہا۔

ابن ثامنیر کی بغاوت جس کا ابن [illegible] نے موحدین کے خلاف بغاوت کی اور طرابلس اور قابس کی شرقی حدود میں [illegible] ان کے ساتھ قتل کیا اور بنی سلیم [illegible] کی [illegible] بھی ان کے ساتھ شامل ہو گئے تو انہوں نے ان کے ساتھ [illegible] انصار [illegible] شروع کر دیے اور سب [illegible] دیے گئے اور جب ابن [illegible] اور قراقش [illegible] فوت ہو گئے اور آل ابی حفص افریقیہ میں خود مختار ہو گئے [illegible] اور امیر ابو زکریا یحییٰ بن ابی محمد بن عبدالواحد ابی حفص پر [illegible] ہو گئے تو اس نے ان کے خلاف ان [illegible] سے مدد مانگی اور اس نے ان کے [illegible] کو [illegible] کیا اور انہیں افریقیہ میں [illegible] دیں اور [illegible] ان کی طرف [illegible] بنی ہلال کو [illegible] سے [illegible] گیا اور انہیں قیروان میں اتارا اور وہاں انہیں حکومت میں ایک مقام اور عزت حاصل تھا اور جب بنی ابی حفص کی سلطنت میں انتشار ہوا اور کعوب نے صحرائی ریاست مخصوص کر لی اور ان کے شہروں میں فساد کر دیا اور وہاں میں اختلاف پیدا کرنے کی کوشش کی اور ان دونوں نے ایک دوسرے سے نقصان اٹھایا اور [illegible] امیر ابو یحییٰ اور امیر کے بھائی حمزہ بن عمر کے درمیان جھگڑا اور جنگ ہو رہی تھی جس میں [illegible] تھا تو اس نے [illegible] جنگ میں [illegible] افریقہ سے [illegible] کے اور اس کی سرحدوں پر قبضہ کرنے کی لالچ [illegible] ہیں

